★ ABC CERTIFIED ★

روزنامہ

تعمیرِ وطن کوئٹہ

Member APNS

Daily Tameer-e-Watan Quetta

جلد نمبر 27 ...... شمارہ نمبر 333 بروز ہفتہ 29 اگست 2026ء 15 ربیع الاول 1448ھ ...... قیمت 7 روپے (صفحات 4) کوئٹہ اور اسلام آباد سے بیک وقت شائع ہونے والا قومی اردو روزنامہ چیف ایڈیٹر: محمد عاطف خان ...... ایڈیٹر: ایم ایس خان

ہر پاکستانی سالانہ 115 کلو آٹا کھاتا ہے، محکمہ خوراک

اسلام آباد (آئی این پی) محکمہ خوراک کے ذرائع نے کہا ہے کہ سالانہ بنیاد پر پاکستان میں ہر شہری 115 کلو آٹا کھاتا ہے۔ محکمہ خوراک کے ذرائع کے مطابق ملک میں سالانہ 2 کروڑ 80 لاکھ ٹن گندم کی کھپت ہے، رواں برس چاروں صوبوں میں گندم کی پیداواری ہدف 3 کروڑ 21 لاکھ ٹن مقرر کیا گیا۔ ذرائع کے مطابق رواں برس 2 کروڑ 96 لاکھ ٹن گندم کی پیداوار متوقع ہے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب کو 12 کروڑ 78 لاکھ لوگوں کے لیے 1 کروڑ 47 لاکھ ٹن گندم کی ضرورت ہے

مستونگ، منگچر شہر میں کوئٹہ کراچی شاہراہ پر ڈاکوؤں کی فائرنگ، ایک شخص شدید زخمی

مستونگ (یو این اے) منگچر شہر میں کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ پر نامعلوم ڈاکوؤں نے ایک ٹو ڈی کار پر اندھا دھند فائرنگ کر دی، جس کے نتیجے میں چکل ہارون کا رہائشی عبدالغنی ولد محمد ابراہیم لہڑی گولی لگنے سے شدید زخمی ہو گیا۔ واقعے کے فوراً بعد زخمی شخص کو طبی امداد کے لیے شہید نواب غوث بخش میموریل ہسپتال مستونگ منتقل کر دیا گیا ہے جہاں ان کا علاج جاری ہے۔ فائرنگ کے اس دل دہلا دینے والے واقعے کے بعد علاقے میں شدید خوف و ہراس پھیل گیا، جبکہ پولیس کی جانب سے واقعے کی مزید تحقیقات اور ڈکیتی کی تفتیش جاری ہے۔

علم قوموں کی ترقی اور خوشحالی کی بنیاد ہے، فیصل کریم کنڈی

پشاور (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ علم انسان کی زندگی بدلنے اور معاشرے کی ترقی و خوشحالی کا بنیادی ذریعہ ہے، موجودہ دور میں جدید تعلیم وقت کی اہم ضرورت ہے جبکہ خیبر پختونخوا میں (باقی صفحہ 2 نمبر 4)

ڈیٹا پائیدار ترقی کیلئے موثر منصوبہ بندی کا اہم ذریعہ ہے، مریم نواز

بیجنگ (آئی این پی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی کی تعلیم اور روزگار کے مواقع فراہم کرنا ترجیح ہے، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے حکومتی نظام میں شفافیت سے کارکردگی بہتر بنائی جاسکتی ہے۔ چائنہ انٹرنیشنل بگ ڈیٹا انڈسٹری ایکسپو (باقی صفحہ 2 نمبر 3)

پمز واقعے پر پوری قوم رنجیدہ، سیاست کی بجائے ٹھوس تجاویز دی جائیں، اعظم نذیر تارڑ

اسلام آباد (آئی این پی) وفاقی وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا ہے کہ پمز واقعے پر پوری قوم رنجیدہ ہے، معاملے پر سیاست کرنے کے بجائے ٹھوس اور قابل عمل تجاویز دینی چاہئیں۔ جمعہ کو قومی اسمبلی کے اجلاس میں واقعے پر اظہار خیال کرتے ہوئے اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ (باقی صفحہ 2 نمبر 2)

حکومت کی پہلے دن سے یہ سوچ رہی ہے کہ گورننس کو زیادہ سے زیادہ ڈیجیٹلائزیشن کی طرف لے جایا جائے تاکہ عوام کو بہتر خدمات فراہم کی جاسکیں

بلوچستان پولیس کو جدید اور بااختیار بنانے پر توجہ مرکوز ہے، سرفراز بگٹی

سندھ حکومت اور گلگت بلتستان حکومت نے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی ہدایت پر بلوچستان کے میرٹ بیسڈ آرٹیفیشل انٹیلیجنس ٹیسٹنگ سسٹم کے حوالے سے معاونت مانگی ہے اور وہ اس نظام کو اپنے صوبوں میں نافذ کرنا چاہتے ہیں

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ مستونگ میں انگور کے باغات سے صوبائی وزیر داخلہ یا سکیورٹی فورسز پر حملہ ہوتا ہے تو جائیداد کے مالکان جرم سے بری الذمہ نہیں بلکہ سہولت کار تصور ہوں گے، بلوچستان پبلک سروس کمیشن میں تحصیلداروں کی بھرتی سے متعلق شکایات پر کمیٹی قائم کردی گئی ہے جس کی رپورٹ میڈیا کے سامنے لائی جائے گی، حکومت بلوچستان گورننس کو زیادہ سے زیادہ ڈیجیٹلائزیشن کی طرف لے جانے کے لیے پرعزم ہے کیونکہ ڈیجیٹلائزیشن سے عوامی خدمت، شفافیت اور سروس ڈیلیوری میں نمایاں بہتری آتی ہے بلوچستان پولیس کی جانب سے متعارف کرائی گئی نئی اور اپ گریڈ کی گئی ایپلی کیشنز عام شہری کو نہ صرف کریمنل جسٹس سسٹم بلکہ روزمرہ کی شکایات (باقی صفحہ 2 نمبر 1)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو بلوچستان پولیس ڈیجیٹل انیشیٹوز سے متعلق بریفنگ دی جارہی ہے

فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ہارورڈ بزنس اسکول کے طلبہ کی ملاقات ہوئی جس دوران علاقائی و عالمی صورتِ حال اور پاکستان کے سکیورٹی منظر نامے پر تبادلہ خیال کیا گیا

اس موقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے خطے میں امن واستحکام اور خوشحالی کے فروغ کی کوششوں پر روشنی ڈالی اور نوجوانوں کیلئے تعلیم، ہنر مندی، کاروباری صلاحیتوں کیفروغ اور حقائق پر مبنی تجزیہ کو بروئے کار لانے کی اہمیت پر زور دیا

نوجوان حقائق پر مبنی سوچ کو اپنائیں، فیلڈ مارشل

سوشل میڈیا پروپیگنڈے کے خلاف نوجوانوں کا مثبت اور بامعنی کردار ضروری ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہارورڈ بزنس اسکول کے طلبہ نے پاکستان کے دورے کے تجربات کو شاندار قرار دیا ہے

راولپنڈی (ویب ڈیسک) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا پروپیگنڈے کے خلاف نوجوانوں کا مثبت اور بامعنی کردار ضروری ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ہارورڈ بزنس اسکول کے طلبہ کی ملاقات ہوئی جس دوران علاقائی و عالمی صورت حال اور پاکستان کے سکیورٹی منظر نامے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے خطے میں امن واستحکام اور خوشحالی کے فروغ کی کوششوں پر روشنی ڈالی اور نوجو (باقی صفحہ 2 نمبر 5)

سانحہ پمز پر وزیر صحت مصطفیٰ کمال کو شدید تنقید کا سامنا، فلک ناز

پمز سانحے کی ذمہ داری وزیر صحت اور حکومت پر عائد ہوتی ہے

اسلام آباد (این این آئی) سینیٹر فلک ناز چترالی نے سانحہ پمز پر وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال کو آڑے ہاتھوں لے لیا۔ سینیٹ اجلاس کے دوران وفاقی وزیر مصطفیٰ کمال بھی موجود تھے، اس موقع پر سینیٹر فلک ناز چترالی نے وفاقی وزیر پر کڑی تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اسلام آباد میں دو ہسپتال سنبھلتے نہیں، اچھل اچھل کر کہتے ہیں نیا صوبہ بنائیں گے، وزیر صحت (باقی صفحہ 2 نمبر 7)

سرفراز بگٹی کی قیادت میں ترقیاتی عمل تیز ہے، غلام نبی شمبانی

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں بلوچستان میں ترقیاتی عمل تیزی سے جاری ہے وڈیرہ غلام نبی شمبانی سیاسی و قبائلی شخصیت وڈیرہ غلام نبی شمبانی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی (باقی صفحہ 2 نمبر 6)

رشوت معاشرے میں بدعنوانی بڑھا رہی ہے، جے یو آئی

جائز کام کیلئے سفارش اور رشوت کا خاتمہ ضروری ہے، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا (باقی صفحہ 2 نمبر 8)

گجرات، بھتیجے نے زیادتی کے بعد چچی کو سر پر اینٹ مار کر قتل کر دیا

گجرات (یو این اے) گجرات میں ایک اور خاتون کو مبینہ زیادتی کے بعد قتل کر دیا گیا جہاں بھتیجے نے مبینہ زیادتی کے بعد چچی کو سر پر اینٹ مار کر موت کے گھاٹ اتار دیا۔ واقعہ نواحی گاؤں لالہ چک میں پیش آیا، پولیس نے لاش کو تحویل میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے اسپتال منتقل کر دیا

وزیراعظم شہباز شریف کی نیپال کے وزیراعظم بالیندر شاہ سے ٹیلی فون پر گفتگو

انہوں نے پاکستان کی جانب سے امداد کی فراخدلانہ پیشکش پر بھی اظہار تشکر کیا

پاکستان امدادی سرگرمیوں میں معاونت کے لیے نیپال کو ہنگامی امدادی سامان بھیج رہا ہے، شہباز شریف

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے جمعہ کو دوپہر نیپال کے وزیراعظم بالیندر شاہ سے ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ وزیراعظم نے نیپال میں حالیہ سیلاب اور لینڈ سلائیڈنگ کے نتیجے میں قیمتی جانوں کے ضیاع اور بڑے پیمانے پر ہونے والی تباہی پر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے پاکستان کی عوام اور حکومت کی جانب سے نیپال (باقی صفحہ 2 نمبر 9)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سنٹرل پولیس آفس میں یادگار شہداء پر پھول چڑھا رہے ہیں

ناکام داخلی وخارجی پالیسیوں کے نتیجے میں ملک کو داخلی عدم استحکام، امن وامان کی بگڑتی صورتحال اور عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی تنہائی کا سامنا ہے

امن کا پائیدار حل آئین، قانون اور سیاسی مذاکرات میں ہے، محمود خان اچکزئی

بین الصوبائی اور بین الاقوامی آمدورفت کی شاہراہیں غیر محفوظ بنا دی گئی ہیں، جبکہ ڈیورنڈ لائن پر قانونی تجارت اور آمدورفت میں مسلسل رکاوٹیں پیدا کی جا رہی ہیں

جرگہ جنوبی پشتونخوا کے عوام کو درپیش بنیادی مسائل، ان کے آئینی وسیاسی حقوق اور خطے میں پائیدار امن واستحکام کے لیے آئندہ کا لائحہ عمل طے کرے گا

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین، تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ اور قومی اسمبلی میں قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی اور پارٹی کے مرکزی سیکرٹری نواب ایاز خان جوگیزئی نے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ جنوبی پشتونخوا کے موجودہ سیاسی، آئینی، معاشی اور امن وامان کے سنگین حالات کے پیش نظر پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے زیر اہتمام 30 اگست تا یکم ستمبر 2026 کوئٹہ میں منعقد ہونے والا جرگہ انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ جرگہ جنوبی پشتونخوا کے عوام کو درپیش بنیادی مسائل، ان کے آئینی وسیاسی حقوق اور خطے میں پائیدار امن واستحکام (باقی صفحہ 2 نمبر 10)

اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف سعودی عرب کے وزیر انجینئر عبدالرحمٰن بن عبدالمحسن الفاضلی کے اعزاز میں دیے گئے استقبالیہ سے خطاب کر رہے ہیں

انتخابی عمل کے دوران پیپلز پارٹی کے امیدوار سردار مختار خان صرف 14 ووٹ ہی حاصل کر سکے جبکہ ن لیگ کے کل 32 اراکین موجود تھے

بیرسٹر افتخار گیلانی 30 ووٹ لے کر آزاد کشمیر کے 17 ویں وزیر اعظم منتخب

پاکستان اور کشمیر ایک دوسرے کے بغیر ادھورے اور نامکمل ہیں، کشمیر میں اسی طرح تبدیلی لائیں گے جیسے پنجاب میں مریم نواز لائی ہیں، وزیر اعظم

مظفر آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مسلم لیگ (ن) کے بیرسٹر افتخار گیلانی آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں 30 ووٹ حاصل کر کے ریاست کے 17 ویں وزیر اعظم منتخب ہو گئے انہوں نے اپنے عہدے کا حلف اٹھا لیا، اسمبلی سے اپنے پہلے خطاب میں کہا کہ پاکستان اور کشمیر ایک دوسر (باقی صفحہ 2 نمبر 12)

کمشنر آفس کوئٹہ میں منعقدہ الوداعی تقریب کے موقع پر ٹرانسفر ہونے والے کمشنر کوئٹہ ڈویژن، شاہزیب خان کاکڑ، اپنے اعزاز میں دی گئی الوداعی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

پمز واقعے کی تحقیقات کیلئے سینیٹ کمیٹی بنائی جائے، علی ظفر

پمز واقعے کی مکمل تحقیقات اور ذمہ داروں کو سزا دی جائے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینیٹر علی ظفر نے پمز واقعہ کی مکمل تحقیقات اور ذمے داروں کو سزا دینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پمز واقعے کی مکمل تحقیقات کی جائیں اور تعین کیا جائے کہ اس واقعے کا ذمے دار کون تھا، جس کی غلطی تھی اسے سزا دی جائے۔

لاہور، کلہاڑی کے وار سے خاتون کو قتل کرنے والا میاں بیوی شیخوپورہ سے گرفتار

لاہور (یو این اے) سندر کے علاقے میں خاندانی تنازع پر خاتون کو قتل کرنے والے قاتل میاں بیوی شیخوپورہ سے گرفتار کر لیے گئے۔ پولیس کے مطابق ملزمان خاتون کو قتل کر (باقی صفحہ 2 نمبر 13)

حکومت نے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن تنظیم نو ترمیمی بل 2026 واپس لے لیا

تمام ضروری اور بنیادی نکات شامل کر کے جلد نیا اور جامع بل پیش کیا جائے گا، وفاقی وزیر آئی ٹی

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن تنظیم نو ترمیمی بل 2026ء واپس لے لیا، بل واپس لینے کی تحریک وزیر آئی ٹی کی جگہ وزیر مملکت طلال چوہدری نے سینیٹ اجلاس میں پیش کی۔ وفاقی وزیر برائے آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن شزا فاطمہ خواجہ نے ٹیلی کام (باقی صفحہ 2 نمبر 14)

قلعہ عبداللہ میں مسلح افراد اور مقامی قبائل میں فائرنگ کا تبادلہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع قلعہ عبداللہ میں مسلح افراد اور مقامی قبائل میں فائرنگ کا تبادلہ، مسلح افراد فرار ہو گئے۔ سیکورٹی (باقی صفحہ 2 نمبر 15)

پرامن احتجاج پر کسی کو اعتراض نہیں، ملک کے امن وامان اور استحکام کو کسی صورت سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دینگے، ٹریننگ سینٹر میں خطاب

قانون ہاتھ میں لینے والوں سے قانون کے مطابق نمٹا جائیگا، محسن نقوی

ریاست امن وامان برقرار رکھنے کی اپنی ذمہ داری پوری کرے گی اور قانون ہاتھ میں لینے والے عناصر سے قانون کے مطابق نمٹا جائے گا

چارسدہ (یو این اے) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ پرامن احتجاج ہر شہری کا حق ہے، قانون نے احتجاج کا طریقہ کار واضح طور پر متعین کر رکھا ہے، قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے پرامن احتجاج پر کسی کو اعتراض نہیں، ملک کے امن وامان اور استحکام کو کسی صورت سبوتاژ کرنے کی اجازت نہیں دیں گے۔ وہ جمعہ کو چارسدہ میں فیڈرل کانسٹیبلری ٹریننگ سینٹر شب قدر کیدورہ کے موقع پر خطاب کر رہے (باقی صفحہ 2 نمبر 16)

حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ کا پمز چلڈرن وارڈ کے باہر دھرنا

مجھے اور میری بیٹی کو وارڈ کے اندر داخلے کی اجازت نہیں دی جارہی ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشال ملک کا پمز چلڈرن وارڈ کے باہر دھرنا دیدیا۔ اس موقع پر کہا کہ پمز سانحہ پر پورا پاکستان خون کے آنسو رو رہا ہے۔ مشال ملک نے کہا کہ مجھے اور میری بیٹی کو وارڈ کے اندر داخلے کی اجازت نہیں دی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرے والد کو پمز نے 2005 میں غلط دوا دی تھی، یہ سانحہ انسانی غفلت کا نتیجہ ہے جس کی ذمہ دار حکومت ہے۔ مشال ملک نے کہا کہ وزیر صحت کو فوری طور پر استعفا دینا چاہیے۔ حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشال ملک کا پمز چلڈرن وارڈ کے باہر دھرنا دیدیا۔ اس موقع پر کہا کہ پمز سانحہ پر پورا پاکستان خون کے آنسو رو رہا ہے۔

کراچی، پانی کے ٹینک میں گر کر کمسن بچی ڈوب کر جاں بحق

کراچی (یو این اے) منگھوپیر خیر آباد میں تھلے کے قریب پانی کے ٹینک میں گرنے کے باعث کمسن بچی ڈوب کر جاں بحق ہو گئی۔ تفصیلات کے مطابق منگھوپیر تھانے کے علاقے منگھوپیر خیر آباد ماشاءاللہ تھلے کے قریب پانی کے ٹینک میں گرنے کے باعث کمسن بچی ڈوب کر جاں بحق ہو گئی، بچی کی لاش ایدھی ایمبولنس کے ذریعے عباسی (باقی صفحہ 2 نمبر 17)

سرکاری احکامات کی خلاف ورزی اور عوامی زندگی کو خطرے میں ڈالنے پر 16 افراد گرفتار

سریاب میں غیر قانونی منی پٹرول پمپس کے خلاف گرینڈ آپریشن، 25 پمپس سیل

سریاب روڈ پر غیر قانونی منی پٹرول پمپس کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن، میر عزت اللہ

کوئٹہ (یو این اے) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی خصوصی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ نے سریاب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں غیر قانونی منی پٹرول پمپس کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 25 پٹرول پمپس سیل کر دیے گئے ہیں جبکہ سرکاری احکامات کی خلاف ورزی اور شہریوں کی زندگی کو خطرے میں ڈالنے کے الزام میں 16 افراد کو موقع پر گرفتار کر کے جیل منتقل کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، اسپیشل مجسٹریٹ سریاب عزت اللہ (باقی صفحہ 2 نمبر 29)

دکی میں ٹھیکیداروں کے تنازع پر کان کی آکسیجن سپلائی بند، 3 کان کن دم گھٹنے سے جاں بحق

کوئلہ کانوں میں حفاظتی بندوبست نہ ہونے اور گیس بھرنے سے حادثات ہوتے رہتے ہیں

کوئٹہ (آئی این پی) بلوچستان کے ضلع دکی میں 2 کوئلہ کانوں کے ٹھیکیداروں کے درمیان تنازع کے باعث مزدوروں نے حریف کان کی آکسیجن سپلائی بند کر دی جس کے (باقی صفحہ 2 نمبر 28)

کوئٹہ، بلوچستان بورڈ کا میٹرک امتحانات 2027 کے لیے فارم اور فیس جمع کرانے کا شیڈول جاری

سنگل فیس کے ساتھ 2 ستمبر، ڈبل فیس 18 ستمبر اور ٹرپل فیس کی آخری تاریخ 30 ستمبر 2026 مقرر

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن کی جانب سے میٹرک سالانہ امتحانات 2027 کے لیے امتحانی فارم اور فیس جمع کرانے (باقی صفحہ 2 نمبر 27)

سانحہ پمز، سینٹ میں پی پی پی اور پی ٹی آئی کا پر حکومتی تحقیقات پر عدم اعتماد کا اظہار

اسلام آباد (آئی این پی) پاکستان پیپلز پارٹی اور پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) نے پمز اسپتال میں آتشزدگی کے واقعے پر حکومتی تحقیقات پر عدم اعتماد کا اظہار کر دیا (باقی صفحہ 2 نمبر 26)

پشاور میں سی ٹی ڈی کی کارروائی، 4 دہشتگرد ہلاک، اسلحہ برآمد

ہلاک دہشتگرد سید ولی سے ننگرہار افغانستان کا افغان مہاجر کارڈ بھی برآمد ہوا، سی ٹی ڈی

پشاور (آئی این پی) صوبائی دارالحکومت پشاور کے نواحی علاقے میرا کچوڑی قبرستان میں سی ٹی ڈی کی کارروائی کے دوران 4 دہشت گرد ہلاک ہو گئے۔ سی ٹی ڈی کے بیان کے مطابق پشاور کے علاقے میرا کچوڑی قبرستان میں دہشت گردوں کے خلاف انٹیلی جنس بیسڈ کارروائی کی گئی۔ سی ٹی ڈی کا کہنا ہے کہ فائرنگ رکنے کے بعد سرچ آپریشن کے دوران 4 دہشت گردوں کی لاشیں برآمد ہوئیں، جبکہ دیگر دہشت گرد رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھا کر فرار ہو گئے۔ سی ٹی ڈی کے مطابق ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے 3 کلاشنکوفیں، ایک پستول، ایک ہینڈ گرینیڈ، 7 میگزین (باقی صفحہ 2 نمبر 24)

کھڈ کوچہ کے عوام بدترین صورتحال سے دوچار ہیں، اسلم بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر چیئرمین اسلم بلوچ نے کہا ہے کہ کھڈ کوچہ مستونگ میں لوگو (باقی صفحہ 2 نمبر 25)

پمز سانحہ، نومولود بچوں کی موت پر معروف شوبز مائیں آبدیدہ، نظام پر سوال اٹھا دیے

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف (باقی صفحہ 2 نمبر 21)

شہدائے صحافت کو خراج عقیدت پیش کرتے ہیں، کلثوم نیاز بلوچ

کوئٹہ (آئی این پی) نیشنل پارٹی کی رکن بلوچستان اسمبلی کلثوم نیاز بلوچ نے 28 اگست شہدائے صحافت کے موقع پر اپنے پیغام میں بلوچستان کے شہید صحافیوں کو خراج عقید (باقی صفحہ 2 نمبر 20)

کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو سنٹرل پولیس آفس میں آئی جی پولیس محمد طاہر خان سوینیر پیش کر رہے ہیں

کراچی، ندی سے کئی روز پرانی خاتون کی لاش برآمد

خاتون کی عمر 40 سے 45 سال کے درمیان ہے، فوری شناخت ممکن نہیں ہو سکی

کراچی (یو این اے) سرجانی ٹاؤن گودھرا کیمپ یارو گوٹھ ندی سے نامعلوم خاتون کی کئی روز پرانی لاش ملی ہے، خاتون کی فوری شناخت ممکن نہیں ہو سکی۔ تفصیلات کے مطابق سرجانی ٹاؤن تھانے کے علاقے سرجانی ٹاؤن گودھرا کیمپ یارو گوٹھ ندی سے نامعلوم خاتون کی کئی روز پرانی لاش ملی ہے۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس موقع پر پہنچ گئی اور پولیس نے جائے وقوع سے شواہد اکٹھا کرنے کے لیے کرائم سین یونٹ کو طلب کر لیا، خاتون کی لاش قانونی کارروائی کے لیے اسپتال منتقل کر دی گئی، خاتون کی عمر 40 سے 45 سال کے درمیان ہے اور فوری طور پر خاتون (باقی صفحہ 2 نمبر 22)

غیر قانونی ٹماٹر کی آمد سے کسانوں کو اربوں کا نقصان ہو رہا ہے، عبداللہ جان

پاک افغان بارڈرز بند ہونے کے باوجود ٹماٹر کے درجنوں کنٹینرز غیر قانونی طریقے سے آرہے ہیں کسانوں کو اربوں روپے کے نقصان سے بچایا جائے، عبداللہ جان

افغانستان سے ٹماٹر اور دیگر فروٹ بارڈرز بند ہونے کے باوجود ضلعی انتظامیہ اور دیگر قانون نافذ کرنیوالوں اداروں کی ملی بھگت سے یہاں پہنچ رہے ہیں اعلیٰ حکام نوٹس لیں

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان کے معروف زمینداروں اور کسانوں نے صوبے میں ایران اور افغانستان سے سبزیوں، پھلوں اور بالخصوص ٹماٹروں کی مبینہ غیر قانونی آمد پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ ہر سال جب بلوچستان میں مقامی فصلیں، پھل اور سبزیاں تیار ہوتی ہیں تو بیرون ملک سے ٹماٹر اور دیگر زرعی اجناس کی آمد سے مقامی منڈیوں کے نرخ شدید متاثر ہوتے ہیں، جس (باقی صفحہ 2 نمبر 18)

سانحہ پمز میں 14 معصوم جانوں کے ضیاع پر پورا پاکستان خون کے آنسو رو رہا ہے

مشعال ملک کا پمز ہسپتال کے اندر جانے کی اجازت نہ ملنے پر احتجاج

اسلام آباد (آئی این پی) حریت رہنما یاسین ملک کی اہلیہ مشعال ملک نے پمز ہسپتال کے اندر جانے کی اجازت نہ ملنے پر احتجاج کیا ہے۔ سانحہ پمز کے بعد مشعال ملک اپنی بیٹی کے ہمراہ پمز ہسپتال پہنچیں تاہم انتظامیہ نے انہیں اندر جانے سے روکا تو انہوں نے احتجاج کیا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو میں مشعال ملک کا کہنا تھا کہ مجھے اور میری بیٹی کو وارڈ کے اندر داخلے (باقی صفحہ 2 نمبر 19)

اسکولوں اور مدارس میں بچوں کو پولیو ویکسین دی جائے گی، ڈی سی کوئٹہ

مہم کے دوران صرف اسکولوں اور مدارس میں بچوں کو پولیو کے قطرے اور ویکسین پلائی جائیگی تقریباً 2 لاکھ 4 ہزار بچوں کو پولیو کے قطرے اور ویکسین دی جائیگی

مہم کے دوران موثر سیکیورٹی پلان یقینی بنانے، پولیو ٹیموں کو مکمل تحفظ فراہم کرنے اور مہم کو کامیاب بنانے کے لیے تمام متعلقہ ادارے مربوط اقدامات یقینی بنائیں

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ میر اللہ بادینی کی زیر صدارت 31 اگست سے شروع ہونے والی انسداد پولیو مہم کے انتظامات کو حتمی شکل دینے کے حوالے سے اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں پولیو مہم کے لیے جامع پلان کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اس مہم کے دوران صرف اسکولوں اور مدارس میں بچوں کو پولیو کے قطرے اور ویکسین پلائی جائے گی، جبکہ تقریباً 2 لاکھ 4 ہزار بچوں کو پولیو کے قطرے اور ویکسین دی جائے گی (باقی صفحہ 2 نمبر 23)

روزنامہ
تعمیر وطن
* ABC CERTIFIED *
TAMEER-E-WATAN

غیر قانونی منی پٹرول پمپس کے خلاف کارروائی

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ کی خصوصی ہدایت پر ضلعی انتظامیہ نے سریاب ڈویژن کے مختلف علاقوں میں غیر قانونی منی پٹرول پمپس کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 25 پٹرول پمپس سیل کر دیے گئے ہیں جبکہ سرکاری احکامات کی خلاف ورزی اور شہریوں کی زندگی کو خطرے میں ڈالنے کے الزام میں 16 افراد کو موقع پر گرفتار کر کے جیل منتقل کر دیا گیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق، اسپیشل مجسٹریٹ سریاب عزت اللہ نے سریاب روڈ اور گردونواح کے علاقوں میں چھاپے مار کر غیر قانونی طور پر چلائے جانے والے پٹرول پمپس کے خلاف گرینڈ آپریشن کیا۔ کارروائی کے دوران خطرناک اور غیر قانونی طور پر پٹرول فروخت کرنے والے 25 پوائنٹس کو مکمل طور پر سیل کر دیا گیا۔ اس موقع پر اسپیشل مجسٹریٹ سریاب میر عزت اللہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے واضح کیا کہ شہر بھر میں عوام کی جان و مال سے کھیلنے والے اس غیر قانونی دھندے اور مافیا کے خلاف کارروائیاں بلا تعطل جاری رہیں گی۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ شہریوں کی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، کسی کو بھی رعایت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 01

اور مشکلات کے ازالے میں بھی سہولت فراہم کریں گی، جبکہ خواتین اور شہداء کے خاندانوں کے لیے متعارف کرائی گئی ڈیجیٹل سہولیات عوامی اعتماد میں اضافے کا باعث بنیں گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعہ کو سنٹرل پولیس آفس کوئٹہ میں بلوچستان پولیس کے ڈیجیٹل انیشیٹوز کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر داخلہ و قبائلی امور میر ضیاء اللہ لانگو، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ حمزہ شفقات، آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر خان سمیت بلوچستان پولیس کے افسران و جوان اور میڈیا نمائندگان موجود تھے قبل ازیں ایک بریفنگ میں آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر خان نے وزیر اعلی بلوچستان کو لانچ کی جانے والی 16 ایپس سے متعلق تفصیلی آگاہی دی۔ وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پولیس کے ڈیجیٹل انیشیٹوز کو سراہتے ہوئے آئی جی پولیس، ان کی ٹیم اور آئی ٹی ٹیم کو مبارکباد دی اور کہا کہ حکومت کی پہلے دن سے یہ سوچ رہی ہے کہ گورننس کو زیادہ سے زیادہ ڈیجیٹلائزیشن کی طرف لے جایا جائے تاکہ عوام کو بہتر خدمات فراہم کی جاسکیں اور نظام میں شفافیت اور بہتری کو یقینی بنایا جاسکے انہوں نے کہا کہ بلوچستان پولیس کی آٹھ پرانی اپیلی کیشنز کو بہتر بنایا گیا ہے جبکہ آٹھ نئی اپیلی کیشنز متعارف کرائی گئی ہیں یہ اقدام بلوچستان کے عام آدمی کے لیے یقیناً فائدہ مند ثابت ہوگا اور اسے نہ صرف کریمنل جسٹس سسٹم بلکہ روزمرہ بنیادوں پر درپیش شکایات اور مشکلات کے ازالے میں بھی مدد ملے گی وزیر اعلی نے پولیس کی آئی ٹی ٹیم اور اس منصوبے پر کام کرنے والے افسران کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ پوری ٹیم مبارکباد کی مستحق ہے۔ انہوں نے ڈی آئی جی ہیڈ کوارٹرز احسن اسد علوی کی خدمات کو بھی سراہتے ہوئے کہا کہ ان کا تبادلہ بلوچستان سے ہو چکا ہے ان کی بلوچستان کے عوام کے لیے خدمات قابل قدر ہیں، اللہ تعالی انہیں مستقبل کی ذمہ داریوں میں مزید کامیابیاں عطا فرمائے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ ڈیجیٹل انیشیٹوز میں شہداء کے خاندانوں کے لیے متعارف کرائی گئی سہولت ان کے دل کے بہت قریب ہے۔ ان ایپس کے ذریعے شہداء کے خاندانوں کے ساتھ براہ راست رابطہ قائم رکھنے، ان کی ضروریات سے آگاہی حاصل کرنے اور ان کی فلاح و بہبود اور دیکھ بھال کو مزید بہتر بنانے میں مدد ملے گی

بقیہ 02

حادثات لوگوں کی زندگیاں بدل کر رکھ دیتے ہیں، پھر واقعے کی جو بھی وجوہات سامنے آئیں، وزیر اعظم نے ان پر ایکشن لیا، اطلاعات سامنے آنے کے بعد ایک اور کمیٹی تشکیل دی گئی، جس کی سربراہی سابق سیکرٹری داخلہ شاہد خان کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ کمیٹی کے سربراہ شاہد خان 7 روز میں واقعے کی مفصل رپورٹ پیش کریں گے۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ ڈاکٹر اظہر کیانی کی سربراہی میں بھی ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے، جو پمز کو اپ گریڈ کرنے سے متعلق سفارشات پیش کرے گی۔ وزیر قانون نے کہا کہ سینیٹ اور قومی اسمبلی، دونوں ایوانوں میں پمز واقعے پر بحث ہو رہی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اس واقعے پر ہر پاکستانی رنجیدہ ہے، اس معاملے پر سیاست کرنے کے بجائے ٹھوس اور قابل عمل تجاویز دی جائیں۔

بقیہ 03

2026 کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلی مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ بگ ڈیٹا جدید معیشت اور ترقی میں بنیادی کردار ادا کر رہا ہے، مصنوعی ذہانت، بگ ڈیٹا اور جدید ٹیکنالوجی مستقبل کی ترقی کی بنیاد ہیں، دونوں ملکوں کے درمیان باہمی اعتماد پر مبنی مضبوط تعلقات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈیٹا پائیدار ترقی کیلئے موثر منصوبہ بندی کا اہم ذریعہ ہے، پنجاب میں جدید ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل معیشت کیلئے اہم اقدامات کر رہے ہیں، پنجاب کو جدید ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کا مرکز بنا رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی کی تعلیم اور روزگار کے مواقع فراہم کرنا ترجیح ہے، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے حکومتی نظام میں شفافیت اور کارکردگی بہتر بنائی جاسکتی ہے، پنجاب میں ٹیکنالوجی کے شعبے میں سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول فراہم کر رہے ہیں۔ مریم نواز نے کہا کہ پنجاب کے نوجوان جدید ٹیکنالوجی میں دنیا کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، پنجاب میں ڈیجیٹل گورننس کو مزید فروغ دیا جارہا ہے۔ وزیر اعلی پنجاب کا مزید کہنا تھا کہ بگ ڈیٹا کے موثر استعمال سے حکومتی فیصلہ سازی مزید بہتر بنائی جاسکتی ہے، بگ ڈیٹا ماحولیاتی نگرانی اور سموگ کے خاتمے میں بھی مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔

بقیہ 04

ٹیلنٹ کی کوئی کمی نہیں، ضرورت اس امر کی ہے کہ طلبہ کو آگے بڑھنے اور اپنی صلاحیتیں بروئے کار لانے کے مواقع فراہم کیے جائیں۔ وہ جامعہ دارالہدی حکیم آباد نوشہرہ میں یوم سرپرستان اور تقریب تقسیم انعامات سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقع پر جامعہ کے مدیر مولانا قاری شمس الرحمن، نائب مدیر مولانا قاری فضل الرحمن، خطیب اسلام و شیخ الحدیث مولانا عبدالقیوم حقانی، کینٹونمنٹ بورڈ پشاور کے ایگزیکٹو آفیسر چوہدری بابر حسین، ملک شوکت علی خان، علمائے کرام، اساتذہ، والدین اور طلبہ سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد موجود تھے۔ گورنر نے جامعہ دارالہدی کی دینی، تعلیمی اور ترقیاتی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ طلبہ کو دینی تعلیم کے ساتھ عصری اور جدید تعلیم بھی فراہم کی جارہی ہے۔ انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ علم کے حصول، محنت، کردار سازی اور خدمت خلق کو اپنا شعار بنائیں، کیونکہ حقیقی کامیابی علم کو انسانیت کی خدمت اور معاشرے کی بہتری کے لیے استعمال کرنے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ تاریخ گواہ ہے کہ جن اقوام نے تعلیم اور علم کے میدان میں ترقی کی، وہ دنیا میں نمایاں مقام حاصل کرنے میں کامیاب ہوئیں۔ مولانا عبدالقیوم حقانی نے بھی تعلیم، تربیت، والدین کی ذمہ داریوں اور طلبہ کی کردار سازی کی اہمیت پر روشنی ڈالی۔ تقریب کے دوران جامعہ دارالہدی کی انتظامیہ کی جانب سے گورنر فیصل کریم کنڈی کو جامعہ کی دینی و تعلیمی خدمات کے اعتراف میں اعزازی شیلڈ پیش کی گئی جبکہ نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے پوزیشن ہولڈر طلبہ میں انعامات بھی تقسیم کیے گئے۔

بقیہ 05

انوں کیلئے تعلیم، ہنر مندی، کاروباری صلاحیتوں کے فروغ اور حقائق پر مبنی تجزیے کو بروئے کار لانے کی اہمیت پر زور دیا۔ فیلڈ مارشل نے کہا کہ نوجوان نسل کو حقائق پر مبنی سوچ اپنانے کی ضرورت ہے، سوشل میڈیا پروپیگنڈے کے خلاف نوجوانوں کا مثبت اور بامعنی کردار ضروری ہے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ہارورڈ بزنس اسکول کے طلبہ نے پاکستان کے دورے کے تجربات کو شاندار قرار دیا ہے۔

بقیہ 06

کی قیادت میں صوبائی حکومت عوامی فلاح و بہبود اور ترقیاتی منصوبوں پر تیزی سے عملدرآمد کر رہی ہے حکومت کی جانب سے صوبے کے مختلف علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ترقیاتی منصوبوں کو ترجیح دی جارہی ہے انہوں نے کہا کہ وزیر اعلی میر سرفراز بگٹی نے ہمیشہ عوامی خدمت کو اپنی ترجیحات میں سرفہرست رکھا ہے ان کی قیادت میں تعلیم، صحت، سڑکوں، آبنوشی اور دیگر بنیادی سہولیات کے شعبوں میں اقدامات قابل تحسین ہیں، جن کا مقصد عام شہریوں کا معیار زندگی بہتر بنانا ہے وزیر غلام نبی شہمانی نے کہا کہ بلوچستان کی پائیدار ترقی کے لیے ضروری ہے کہ ترقیاتی منصوبوں کو شفافیت اور تیزی کے ساتھ مکمل کیا جائے اور ان کے ثمرات دور دراز علاقوں تک پہنچائے جائیں صوبائی حکومت کی عوام دوست پالیسیوں سے لوگوں کی مشکلات میں کمی لانے اور ترقی کے نئے مواقع پیدا کرنے میں مدد ملے گی انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان کے عوام ترقی، امن اور خوشحالی چاہتے ہیں اور حکومت کے مثبت اقدامات سے عوامی اعتماد میں اضافہ ہو رہا ہے وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی قیادت میں صوبائی حکومت بلوچستان کی تعمیر و ترقی کے عمل کو مزید آگے بڑھاتے ہوئے عوامی مسائل کے حل کے لیے موثر اقدامات جاری رکھے گی۔

بقیہ 07

سینیٹ اجلاس میں پمز کے قصیدے پڑھ رہے تھے، ان پر تو شرم سے ڈوب مرنا چاہیے۔ خاتون سینیٹر نے کہا کہ میں اس دن پمز گئی، سیکیورٹی گارڈز نے ہمیں دھکے دیکر باہر نکال دیا، بچے شاپنگ بیگ میں والدین کو دیے گئے، کہا کہ کسی کو بتانا نہیں، یہاں سے چلے جاؤ، اس سارے معاملے پر وزیر صحت اور حکومت قصوروار ہے۔ دوسری جانب سینیٹ اجلاس میں سعدیہ عباسی نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز کی تقرری کے بورڈ میں موجود تھی، میں نے تقرری کی بہت مخالفت کی تھی، بیوروکریسی نے اس ایگزیکٹو ڈائریکٹر کو لگانے کی بہت حمایت کی تھی، ای ڈی پمز انتہا اثر و رسوخ والا انسان ہے۔ سعدیہ عباسی نے مزید کہا کہ وزیر اعظم نے سیکرٹری صحت کو تو معطل کر دیا، ای ڈی پمز کو معطل نہیں کر سکے، ایگزیکٹو ڈائریکٹر پمز کی رسائی ایسی جگہ ہے جہاں کوئی ہاتھ نہیں لگا سکتا، ای ڈی پمز اس واقعے کا قصوروار ہے، اسے تو گرفتار کرنا چاہیے تھا، یہ شخص قاتل ہے۔

بقیہ 08

محمد عارف شمشیر نے کہا ہے کہ سرکاری دفاتر میں جائز امور کی انجام دہی کے لیے بھی سفارش اور رشوت کا سہارا لینا معاشرے میں بدعنوانی، ناانصافی اور حق تلفی کے فروغ کا باعث بن رہا ہے۔ رشوت ستانی نہ صرف انتظامی نظام کی شفافیت کو متاثر کرتی ہے بلکہ معاشرے میں میرٹ، دیانت داری اور انصاف کی بنیادوں کو بھی متزلزل کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حرام ذرائع سے حاصل کیا گیا مال بظاہر کثرت کا باعث بن سکتا ہے مگر اس میں برکت، سکون اور خیر باقی نہیں رہتی۔ انسان آج مال و اسباب کی کثرت کی فکر میں رزق حلال کی برکت اور اللہ تعالی کی رضا کو فراموش کرتا جارہا ہے، جس کے نتیجے میں معاشرے میں بے سکونی، بے اعتمادی اور اخلاقی زوال بڑھ رہا ہے۔ رشوت اور حرام خوری انسان کو اللہ تعالی کی رحمت سے دور کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام نے رشوت کے لین دین کو سختی سے ممنوع قرار دیا ہے، رسول اللہ ﷺ نے رشوت لینے اور دینے والے دونوں کے بارے میں سخت وعید بیان فرمائی ہے۔ اس لیے ہر مسلمان پر لازم ہے کہ وہ حرام کمائی اور رشوت جیسے قبیح اعمال سے مکمل اجتناب کرے۔ رہنماؤں نے کہا کہ میرٹ کی پامالی، اقربا پروری، اختیارات کا ناجائز استعمال اور رشوت خوری درحقیقت عوام کے حقوق پر ڈاکا اور بدترین حق تلفی ہے۔ سرکاری اداروں میں شہریوں کے جائز کام بلا امتیاز میرٹ اور مقررہ قوانین کے مطابق انجام دیے جانے چاہئیں۔ متعلقہ حکام کی ذمہ داری ہے کہ وہ رشوت ستانی اور بدعنوانی کے خاتمے کے لیے موثر اقدامات اٹھائیں، شفاف نظام کو یقینی بنائیں اور عوام کو ان کے جائز حقوق کے حصول میں کسی قسم کی رکاوٹ کا سامنا نہ ہونے دیں۔

بقیہ 09

کی قیادت اور عوام کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے اس مشکل وقت میں ہر ممکن تعاون اور امداد کی پیشکش کی۔ وزیر اعظم نے اپنے نیپالی ہم منصب کو بتایا کہ پاکستان امدادی سرگرمیوں میں معاونت کے لیے نیپال کو ہنگامی امدادی سامان بھیج رہا ہے۔ نیپال کے وزیر اعظم بالیندر شاہ نے ٹیلی فون کرنے اور قدرتی آفت کے بعد پاکستان کی جانب سے یکجہتی اور حمایت کے اظہار پر وزیر اعظم شہباز شریف کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے پاکستان کی جانب سے امداد کی فراخدلانہ پیشکش پر بھی اظہار تشکر کیا

بقیہ 10

کے لیے آئندہ کا لائحہ عمل طے کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی پشتونخوا سمیت پشتون علاقوں میں دہشت گردی، بدامنی، اغوا برائے تاوان، چوری، ڈکیتی اور دیگر جرائم نے عوام کی زندگی، جان و مال اور کاروباری سرگرمیوں کو شدید متاثر کیا ہے۔ بین الصوبائی اور بین الاقوامی آمد و رفت کی شاہراہیں غیر محفوظ بنا دی گئی ہیں، جبکہ ڈیورنڈ لائن پر قانونی تجارت اور آمد و رفت میں مسلسل رکاوٹیں پیدا کی جا رہی ہیں۔ ریاست کی بنیادی ذمہ داری شہریوں کو تحفظ، آزادانہ آمد و رفت اور معاشی سرگرمیوں کے لیے محفوظ ماحول فراہم کرنا ہے، جس میں موجودہ صورتحال ناقابل قبول ہے۔ انہوں نے کہا کہ قدرتی وسائل سے متعلق پالیسیوں اور مائنز اینڈ منرلز قوانین میں ایسی تبدیلیاں کی گئی ہیں جن کے نتیجے میں معدنی وسائل سے مالا مال علاقوں کی وسیع اراضی کی الاٹمنٹ مقامی اقوام و قبائل کے آئینی و قانونی حقوق اور بطور حقیقی اسٹیک ہولڈر ان کی رضامندی کو نظرانداز کرتے ہوئے کی جا رہی ہے۔ اسی طرح محکمہ جنگلات کے ریزرو علاقوں میں لاکھوں ایکڑ اراضی کے انتقالات بھی مقامی اقوام و قبائل کی رضامندی کے برخلاف کیے گئے ہیں۔ ان تمام اقدامات کا فوری جائزہ لے کر غیر قانونی انتقالات منسوخ اور مقامی آبادی کے آئینی، قانونی اور اجتماعی حقوق کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ مشترکہ بیان میں کہا گیا کہ کول مائنز کے علاقوں میں گزشتہ کئی برس سے جاری مبینہ جبری بھتہ خوری، مائن اونرز اور مزدوروں کو درپیش خطرات، بھتہ خوری کے خلاف مزاحمت پر قتل، ٹرانسپورٹ کے ذرائع کو جلانے اور متاثرین کو موثر ریاستی تحفظ فراہم نہ کرنے کا سلسلہ فوری طور پر ختم کیا جائے۔ زیارت، منگلہ اور ہنہ اوڑک سمیت مختلف واقعات میں انسانی جانوں کے ضیاع کے محرکات اور ذمہ دار عناصر کا تعین کرنے کے لیے شفاف اور غیر جانبدارانہ تحقیقات کرائی جائیں اور ذمہ داروں کو قانون کے مطابق قرار واقعی سزا دی جائے۔ دونوں رہنماؤں نے کہا کہ ملک میں فارم 47 کے ذریعے قائم غیر نمائندہ پارلیمانی بندوبست کے نتیجے میں عوامی مینڈیٹ اور جمہوری نمائندگی کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ اس کے بعد کی جانے والی آئینی ترامیم نے صوبائی خودمختاری، عدلیہ کی آزادی، میڈیا کی آزادی اور پارلیمنٹ کے مؤثر آئینی کردار کو کمزور کیا ہے۔ جمہوری ریاست میں اقتدار کا سرچشمہ عوام ہیں اور پارلیمنٹ کو عوامی مینڈیٹ کا حقیقی اور بااختیار نمائندہ ہونا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی عدم استحکام، آئینی انحراف اور کمزور حکمرانی نے ملک کے معاشی بحران کو بھی مزید گہرا کر دیا ہے۔ گزشتہ چند برسوں میں قرضوں میں غیر معمولی اضافہ، بڑھتا ہوا مالی دباؤ اور ادارہ جاتی عدم استحکام اس امر کا تقاضا کرتے ہیں کہ ملک کو آئین کی بالادستی، پارلیمانی جمہوریت، وفاقی اصولوں اور شفاف حکمرانی کی بنیاد پر دوبارہ استوار کیا جائے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ناکام داخلی و خارجی پالیسیوں کے نتیجے میں ملک کو داخلی عدم استحکام، امن و امان کی بگڑتی صورتحال اور عالمی سطح پر بڑھتی ہوئی تنہائی کا سامنا ہے۔ اضلاع، ڈویژنوں اور صوبوں میں سول انتظامیہ اور منتخب نمائندہ اداروں کے آئینی اختیار کو محدود کر کے انتظامی معاملات کو غیر منتخب قوتوں کے حوالے کرنا وفاقی پارلیمانی نظام کے بنیادی اصولوں سے متصادم ہے۔ امن و امان کا پائیدار حل طاقت کے بجائے آئین، قانون، سیاسی مذاکرات، مؤثر سول انتظامیہ اور عوامی اعتماد کی بحالی میں ہے۔ محمود خان اچکزئی اور نواب ایاز خان جوگیزئی نے کہا کہ جرگہ جنوبی پشتونخوا ان تمام مسائل پر سنجیدہ سیاسی اور اجتماعی غور کے بعد عوام کے حقوق، آئینی بالادستی، امن و امان، وسائل پر مقامی حق ملکیت و شراکت، سرحدی تجارت اور جمہوری و پارلیمانی نظام کے استحکام کے لیے واضح اور قابل عمل سفارشات پیش کرے گا۔

بقیہ 11

حادثات لوگوں کی زندگیاں بدل کر رکھ دیتے ہیں، پھر واقعے کی جو بھی وجوہات سامنے آئیں، وزیر اعظم نے ان پر ایکشن لیا، اطلاعات سامنے آنے کے بعد ایک اور کمیٹی تشکیل دی گئی، جس کی سربراہی سابق سیکرٹری داخلہ شاہد خان کریں گے۔ انہوں نے بتایا کہ کمیٹی کے سربراہ شاہد خان 7 روز میں واقعے کی مفصل رپورٹ پیش کریں گے۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ ڈاکٹر اظہر کیانی کی سربراہی میں بھی ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے، جو پمز کو اپ گریڈ کرنے سے متعلق سفارشات پیش کرے گی۔ وزیر قانون نے کہا کہ سینیٹ اور قومی اسمبلی، دونوں ایوانوں میں پمز واقعے پر بحث ہو رہی ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ اس واقعے پر ہر پاکستانی رنجیدہ ہے، اس معاملے پر سیاست کرنے کے بجائے ٹھوس اور قابل عمل تجاویز دی جائیں۔

بقیہ 12

ے کے بغیر ادھورے اور نامکمل ہیں، کشمیر میں اسی طرح تبدیلی لائیں گے جیسے پنجاب میں مریم نواز لائی ہیں۔ نجی ٹی وی کے مطابق انتخابی عمل کے دوران پیپلز پارٹی کے امیدوار سردار مختار خان صرف 14 ووٹ ہی حاصل کر سکے۔ اسمبلی میں مسلم لیگ (ن) کے کل 32 اراکین موجود ہیں جبکہ 7 نشستوں پر تاحال انتخابات کا عمل مکمل ہونا باقی ہے۔ بیرسٹر افتخار گیلانی پہلی بار 2011 میں آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے رکن منتخب ہوئے تھے۔ موجودہ اسمبلی میں وہ ٹیکنوکریٹ کی نشست پر مسلم لیگ (ن) کے ٹکٹ کے ذریعے کامیابی حاصل کر کے ایوان میں پہنچے تھے۔ حکومت سازی کے لیے منعقدہ اس اہم مشاورتی اجلاس میں رانا ثناء اللہ، خواجہ سعد رفیق، شاہ غلام قادر اور راجہ فاروق حیدر نے شرکت کی۔ اجلاس میں نو منتخب اسپیکر چوہدری طارق فاروق اور ڈپٹی اسپیکر احمد رضا قادری سمیت دیگر اعلیٰ قیادت نے بیرسٹر افتخار گیلانی کے نام پر مکمل اتفاق رائے کا اظہار کیا تھا۔ بیرسٹر افتخار گیلانی نے قانون ساز اسمبلی سے اپنے پہلے خطاب میں کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف، نواز شریف اور مریم نواز کا شکر گزار ہوں، کشمیر زمین کے ٹکڑے کا مسئلہ نہیں، اقوام متحدہ کی قراردادوں کے تحت کشمیریوں کے حق خودارادیت کا مسئلہ ہے، 5 اگست 2019ء کے بھارتی اقدام اور کشمیریوں پر مظالم کی مذمت کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور کشمیر ایک دوسرے کے بغیر ادھورے اور نامکمل ہیں، فیلڈ مارشل عاصم منیر کی قیادت میں افواج پاکستان کی قربانیوں کی وجہ سے کشمیری سکون کی نیند سوتے ہیں، کشمیر میں بھی اسی طرح تبدیلی لائیں گے جیسے پنجاب میں مریم نواز لائی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ میرٹ پر عمل درآمد ہر صورت یقینی بنائیں گے، ریکروٹمنٹ کے لئے این ٹی ایس کی طرز پر تھرڈ پارٹی سسٹم متعارف کروائیں گے، ہر شخص کو سرکاری ملازمت نہیں دی جاسکتی، ریاست کو ڈیجیٹل اکانومی کی طرف لے کر جائیں گے، جانتا ہوں آزاد کشمیر میں انٹرنیٹ نہیں ہے مگر چیزیں بتدریج بہتری کی طرف جائیں گی، محکمہ صحت اور تعلیم میں اصلاحات لائیں گے، عوامی شکایات کے اندراج کیلئے سٹیزن پورٹل لانچ کریں گے، جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے کشمیر کا روشن مستقبل ہماری اگلی منزل ہے۔

بقیہ 13

کے موقع سے فرار ہوگئے تھے۔ ترجمان ڈی آئی جی آپریشنز کے مطابق ملزم جہانگیر پر مبینہ طور پر کلہاڑی کے وار سے شاہانہ بی بی کو قتل کرنے کا الزام ہے، واردات کے دوران شاہد اقبال بھی زخمی ہوا، جسے طبی امداد کے لیے اسپتال منتقل کیا گیا۔ ترجمان کے مطابق پولیس و فرانزک ٹیموں نے جائے وقوعہ سے اہم شواہد اکٹھے کر لیے اور قانونی کارروائی جاری ہے، مرکزی ملزم جہانگیر اور اس کی اہلیہ کو کوٹ عبدالمالک، شیخوپورہ سے گرفتار کیا گیا، قتل کے دونوں ملزمان کو وقوعہ کے صرف 7 گھنٹے کے اندر گرفتار کیا گیا۔ ڈی آئی جی آپریشنز کے ترجمان نے بتایا کہ ابتدائی تحقیقات کے مطابق واقعہ سابقہ خاندانی رنجش کا شاخسانہ معلوم ہوتا ہے، مقتولہ کی لاش پوسٹ مارٹم کے لیے جناح اسپتال منتقل کی گئی اور مزید تفتیش جاری ہے۔

بقیہ 14

بل پی ٹی آر اے کے حوالے سے اہم بیان میں کہا کہ سینیٹ سے پی ٹی آر اے بل واپس لینے کی درخواست جمع کرا دی گئی ہے، جبکہ تمام ضروری اور بنیادی نکات شامل کر کے جلد نیا اور جامع بل پیش کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آر اے بل کی 90 روزہ قانونی مدت ختم ہونے کے قریب تھی، اسی لیے بل واپس لینے کا فیصلہ کیا گیا، اگر بل واپس نہ لیا جاتا تو معاملہ پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس میں چلا جاتا، تاہم فی الحال مشترکہ اجلاس کے انعقاد کے حوالے سے کوئی حتمی امکان موجود نہیں تھا۔ شزا فاطمہ خواجہ نے کہا کہ قانونی عمل کو تیز اور بلا تاخیر مکمل کرنے کے لیے سینیٹ سے بل واپس لینے کی درخواست جمع کرائی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت تمام ضروری اور بنیادی نکات کو شامل کرتے ہوئے جلد ایک نیا اور جامع پی ٹی آر اے بل پیش کرے گی، تاکہ متعلقہ قانونی عمل کو موثر انداز میں آگے بڑھایا جاسکے۔

بقیہ 15

فورسز حکام کے مطابق جمعہ کو قلعہ عبداللہ کی تحصیل گلستان میں ولی زئی محمد زئی چوک پر مسلح عسکریت پسندوں نے ناکہ بندی کی کوشش کی تاہم مقامی قبائلی افراد نے موقع پر پہنچ کر عسکریت پسندوں کو روکنے کی کوشش کی جس پر انہوں نے فائرنگ شروع کر دی جبکہ دو طرفہ فائرنگ کا تبادلہ وقفے وقفے سے جاری رہا بعد ازاں عسکریت پسند موقع سے فرار ہو گئے جبکہ مقامی افراد نے انکا تعاقب شروع کر دیا۔

بقیہ 16

تھے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اینٹی رائٹ ونگ کی خصوصی تربیتی مشقوں کا معائنہ کیا اور اہلکاروں کی پیشہ وارانہ صلاحیتوں، جدید تربیت اور آپریشنل تیاری کو سراہا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے اینٹی رائٹ ونگ کے اہلکاروں کی مختلف عملی مشقیں دیکھیں۔ اہلکاروں نے ہجوم کو کنٹرول کرنے، حساس مقامات کے تحفظ، پرتشدد صورتحال سے نمٹنے اور امن و امان برقرار رکھنے سے متعلق اپنی پیشہ وارانہ مہارت کا عملی مظاہرہ کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی کا کہنا تھا کہ اینٹی رائٹ فورس کو جدید خطوط پر تربیت دی گئی ہے، امن و امان کی کسی بھی صورتحال سے نمٹنے کیلئے فورس مکمل طور پر تیار اور بھرپور صلاحیت رکھتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج کی آڑ میں تشدد، توڑ پھوڑ، سرکاری یا نجی املاک کو نقصان پہنچانے اور امن و امان خراب کرنے کی کسی کو اجازت نہیں دی جا سکتی۔ ریاست امن و امان برقرار رکھنے کی اپنی ذمہ داری پوری کرے گی اور قانون ہاتھ میں لینے والے عناصر سے قانون کے مطابق نمٹا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ امن و امان کی موجودہ صورتحال میں فیڈرل کانسٹیبلری کا کردار پورے ملک میں انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ آپ کو ہر قسم کے چیلنجز کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار ہونا ہے، اپنی تربیت بھرپور طریقے سے مکمل کریں اور مکمل پیشہ وارانہ تیاری کے ساتھ میدان میں اتریں۔ آپ کو بین الاقوامی معیار کا جدید پروٹیکشن گیئر فراہم کیا جارہا ہے تاکہ فیلڈ میں آپ کی حفاظت اور آپریشنل استعداد کو یقینی بنایا جاسکے۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے تمام جوانوں کو گیس ماسک فراہم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کہا کہ آپ کی تربیت پر خصوصی توجہ دی گئی ہے، ہر طرح کی ٹریننگ محنت، لگن اور مکمل پیشہ وارانہ جذبے کے ساتھ مکمل کریں۔ وفاقی وزیر داخلہ نے ایف سی ہیڈ کوارٹرز میں کھیلوں کی بہترین سہولتیں فراہم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ عالمی معیار کا سوئمنگ پول بھی بنایا جائے گا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے بیرکس کا دورہ کیا، اہلکاروں سے ملاقات کی اور ان سے مسائل دریافت کیے۔ وفاقی وزیر داخلہ نے ایف سی ہیڈ کوارٹر میں اہلکاروں کے تمام واش رومز از سر نو تعمیر کرنے کی ہدایت کی۔ وفاقی وزیر داخلہ کا اہلکاروں سے استفسار کیا کہ آپ نے گزشتہ وزٹ میں لوڈ شیڈنگ کا مسئلہ اٹھایا تھا، اب کیا صورتحال ہے؟ اہلکاروں نے بتایا کہ اب لوڈ شیڈنگ نہیں ہوتی اور بلا تعطل بجلی فراہم کی جا رہی ہے۔ اہلکاروں نے مسئلہ حل کرانے پر وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی کا شکریہ ادا کیا۔ وفاقی وزیر داخلہ نے ایک اہلکار کی والدہ کے کینسر کے علاج کیلئے فوری اقدامات کی ہدایت بھی کی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ زیر تربیت اہلکاروں میں تمام صوبوں سمیت آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان کو نمائندگی حاصل ہے جبکہ تربیتی پروگرام میں پہلی مرتبہ 35 خواتین اہلکار بھی شامل ہیں۔ آئی جی فیڈرل کانسٹیبلری، ڈی آئی جی ٹریننگ، ڈی او ایف سی اور دیگر اعلی افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔

بقیہ 17

شہید اسپتال منتقل کی گئی جہاں متوفیہ کمسن بچی کی شناخت ڈیڑھ سالہ مشفقہ دختر عبداللہ کے نام سے کی گئی۔ ایدھی فاؤنڈیشن کے مطابق متوفیہ کمسن بچی کھیلتے ہوئے پانی کے ٹینک میں گر کر جاں بحق ہوئی ہے۔ ایس ایچ او منگھوپیر راجا ذوالفقار حیدر کے مطابق جس تھلے سے بچی کی لاش ملی ہے وہ تھلا بچی کے والد کا ہی ہے اور تھلے کے ساتھ تھلے کے مالک کا گھر بنا ہوا ہے، بچی گھر سے کھیلنے کے لیے نکلی اور تھلے پر بنے ہوئے پانی کے ٹینک میں گرنے کے باعث ڈوب کر جاں بحق ہوگئی۔ پولیس نے قانونی کارروائی کے بعد متوفیہ کمسن بچی کی لاش ورثا کے حوالے کر دی۔

بقیہ 18

کے باعث صوبے کے ہزاروں کسانوں اور زمینداروں کو اربوں روپے کے نقصان کا سامنا کرنا پڑتا ہے افغانستان سے ٹماٹر اور دیگر فروٹ بارڈرز بند ہونے کے باوجود ضلعی انتظامیہ اور دیگر قانون نافذ کرنے والوں اداروں کی ملی بھگت سے یہاں پہنچ رہے ہیں اعلی حکام بارڈرز پر غیر قانونی ٹریڈ کا نوٹس لیا جائے ان خیالات کا اظہار قلعہ سیف اللہ کے زمیندار ایکشن کمیٹی کے چیئرمین عبداللہ جان میرزئی معروف زمیندار حاجی مطیع اللہ میرزئی، عبدالغنی کاکڑ اور دیگر نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا زمینداروں نے کہا کہ اس وقت پاک ایران اور پاک افغانستان کے اہم سرحدی راستوں، بالخصوص چمن اور بادینی کے راستوں کی صورتحال کے باوجود سوال یہ ہے کہ ٹماٹر کے درجنوں کنٹینرز اور ٹرالے بلوچستان کی منڈیوں تک کیسے پہنچ رہے ہیں؟ اگر سرحدی راستوں پر پابندیاں اور نگرانی موجود ہے تو پھر بڑے پیمانے پر سبزیوں، ٹماٹروں، انگور اور دیگر اجناس کی مبینہ غیر قانونی نقل و حمل کس کی سرپرستی میں جاری ہے؟ انہوں نے کہا کہ دن دیہاڑے غیر قانونی طریقے سے آنے والا مال بلوچستان کی مختلف منڈیوں میں پہنچایا جارہا ہے، جس سے مقامی پیداوار کی قیمتیں گر رہی ہیں اور کسانوں کی محنت، سرمایہ اور سال بھر کی امیدیں تباہ ہو رہی ہیں۔ بلوچستان کے زمیندار پہلے ہی پانی کی قلت، بجلی کے مسائل، مہنگی کھاد، بیج، ادویات اور زرعی اخراجات سے شدید مشکلات کا شکار ہیں، ایسے میں غیر قانونی درآمدات ان کے لیے مزید تباہ کن ثابت ہو رہی ہیں۔ معروف زمینداروں نے کہا کہ حکومت اور متعلقہ اداروں کو فوری طور پر اس معاملے کی شفاف تحقیقات کرنی چاہئیں اور یہ معلوم کیا جائے کہ سرحدی پابندیوں کے باوجود ٹماٹر سے بھرے درجنوں ٹرالے اور کنٹینرز بلوچستان کی منڈیوں تک کس راستے اور کن ذرائع سے پہنچ رہے ہیں۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ مبینہ اسمگلنگ میں ملوث عناصر اور کسی بھی سرکاری اہلکار کی سرپرستی یا غفلت ثابت ہونے کی صورت میں ان کے خلاف بلا امتیاز کارروائی کی جائے۔ زمینداروں نے ضلعی انتظامیہ، کسٹمز، قانون نافذ کرنے والے اداروں اور متعلقہ محکموں سے بھی مطالبہ کیا کہ مقامی کسانوں کے معاشی مفادات کا تحفظ یقینی بنایا جائے۔ زمینداروں نے کہا کہ بلوچستان کے کسانوں کو غیر قانونی درآمدات اور اسمگلنگ کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑا جاسکتا۔ حکومت فوری طور پر سرحدی نگرانی سخت کرے، مقامی فصلوں کی کٹائی اور مارکیٹ میں آمد کے موسم کے دوران غیر ضروری اور غیر قانونی زرعی اجناس کی آمد روکے اور کسانوں کو ان کی محنت کا مناسب معاوضہ دلانے کے لیے موثر پالیسی بنائے۔ انہوں نے کہا کہ "اگر سرحدیں بند ہیں تو ٹماٹر کے درجنوں کنٹینرز کہاں سے اور کس کی نگرانی میں بلوچستان پہنچ رہے ہیں؟ حکومت اس سوال کا فوری جواب دے اور بلوچستان کے کسانوں کو اربوں روپے کے مزید نقصان سے بچائے۔

بقیہ 19

کی اجازت نہیں دی جارہی، ہمیں اندر جانے سے روک دیا گیا ہے جو افسوسناک ہے، سانحہ پمز میں 14 معصوم جانوں کے ضیاع پر پورا پاکستان خون کے آنسو رو رہا ہے۔ حریت رہنما کی اہلیہ نے کہا کہ میرے والد کو پمز نے 2005 میں غلط دوا دی تھی۔ انہوں نے کہا کہ جب یہ سانحہ ہوا تب یہ سارے لوگ اور ڈاکٹرز کہاں تھے؟ یہ سانحہ انسانی غفلت کا نتیجہ ہے، جس کی ذمہ دار حکومت ہے، وزیر صحت کو فوری طور پر استعفی دے دینا چاہیے

بقیہ 20

ت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ حق اور سچ کی آواز عوام تک پہنچانے کے لیے صحافیوں نے مشکل ترین حالات میں بھی اپنی ذمہ داریاں نبھائی ہیں، شہدائے صحافت کی قربانیاں پوری صحافتی برادری اور قوم کے لیے مشعل راہ ہیں اپنے جاری کردہ بیان میں کلثوم نیاز بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں صحافت کرنا ایک مشکل اور پرخطر ذمہ داری بن چکی ہے۔ صوبے کے صحافی بدامنی، دہشتگردی، دھمکیوں، دباؤ، معاشی مشکلات اور دیگر سنگین مسائل کے باوجود عوام کو باخبر رکھنے کے لیے اپنا کردار ادا کر رہے ہیں دور دراز علاقوں میں کام کرنے والے صحافیوں کو خصوصاً شدید مشکلات اور سیکیورٹی خطرات کا سامنا ہے انہوں نے کہا کہ صحافی معاشرے کی آنکھ اور کان ہوتے ہیں، ان کی آواز دبانے کے بجائے ان کے تحفظ اور آزادی کو یقینی بنانا حکومت کی ذمہ داری ہے۔ حکومت بلوچستان کو چاہیے کہ صحافیوں کو درپیش سیکیورٹی خدشات کا فوری نوٹس لے اور انہیں محفوظ ماحول فراہم کرنے کے لیے موثر اقدامات کیے جائیں رکن بلوچستان اسمبلی نے کہا کہ آزادی صحافت جمہوری معاشرے کی بنیادی ضرورت ہے۔ اختلاف رائے اور تنقید کو جمہوری عمل کا حصہ سمجھتے ہوئے صحافیوں کو آزادانہ طور پر اپنے فرائض انجام دینے کا موقع دیا جانا چاہیے۔ کسی بھی صحافی کو اپنے فرائض کی ادائیگی کے دوران دھمکی، دباؤ یا خوف کا سامنا نہیں ہونا چاہیے۔ کلثوم نیاز بلوچ نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ بلوچستان کے صحافیوں کے تحفظ کے لیے جامع پالیسی مرتب کی جائے، صحافیوں کو درپیش سیکیورٹی مسائل کے حل کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں جبکہ شہید اور زخمی ہونے والے صحافیوں کے خاندانوں کی مالی معاونت اور فلاح و بہبود کے لیے بھی عملی اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ شہدائے صحافت نے قلم کی حرمت اور عوام کے حق آگاہی کے لیے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کیا، ان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جا سکتا۔ حکومت، سیاسی جماعتوں اور معاشرے کو مل کر ایسا ماحول قائم کرنا ہوگا جہاں بلوچستان کا صحافی بلا خوف و خطر سچ لکھ اور بول سکے۔

بقیہ 21

میڈیکل سائنسز (پمز) میں آتشزدگی کے نتیجے میں 14 نومولود بچوں کی موت کے دلخراش واقعے نے جہاں پورے ملک کو سوگوار کر دیا وہیں شوبز سے وابستہ معروف مائیں بھی اپنے جذبات پر قابو نہ رکھ سکیں۔ اداکارہ اور میزبان سعدیہ امام بھی نومولود بچوں کی موت پر بات کرتے ہوئے شدید جذباتی نظر آئیں۔ انہوں نے سانحے پر افسوس کا اظہار کرتے ہوئے سوال اٹھایا کہ کیا متاثرہ خاندانوں کو اس واقعے پر انصاف مل سکے گا؟ سویرا پاشا واقعے پر گفتگو کرتے ہوئے اپنے جذبات پر قابو رکھنے کی کوشش کرتی رہیں تاہم بچوں اور ان کی ماں کی تکلیف کا ذکر کرتے ہوئے کیمرے کے سامنے آبدیدہ ہوگئیں۔ اداکارہ جویریہ سعود نے بھی واقعے پر شدید افسوس اور غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایسی غفلت جس کے نتیجے میں معصوم بچوں کی جانیں چلی جائیں، ناقابل برداشت ہے۔ میزبان اور صحافی مہر بخاری نے بھی سانحے پر سخت ردعمل دیتے ہوئے متعلقہ حکام کو تنقید کا نشانہ بنایا۔

بقیہ 22

کی شناخت ممکن نہیں ہو سکی۔ ایس ایچ او سرجانی ٹاؤن ناصر محمود کے مطابق خاتون کی لاش 4 سے 5 روز پرانی معلوم ہوتی ہے، فوری طور پر وجہ موت کا تعین نہیں ہو سکا، پوسٹ مارٹم کے لیے خاتون کی لاش عباسی شہید اسپتال منتقل کی گئی ہے تاکہ وجہ موت کا تعین ہو سکے۔ اس حوالے سے مزید تحقیقات جاری ہیں۔

بقیہ 23

۔ ڈپٹی کمشنر نے مہم کے دوران موثر سیکیورٹی پلان یقینی بنانے، پولیو ٹیموں کو مکمل تحفظ فراہم کرنے اور مہم کو کامیاب بنانے کے لیے تمام متعلقہ اداروں کو مربوط اقدامات کی ہدایت کی۔ اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل)، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر کوئٹہ، پولیو حکام، متعلقہ اہلکاران اور پولیس افسران نے شرکت کی۔ انہوں نے اسکول اور مدرسہ انتظامیہ سے اپیل کی کہ وہ زیر تعلیم بچوں کو حفاظتی قطرے پلانے میں پولیو ٹیموں کے ساتھ بھرپور تعاون کرے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی نے بچوں کو پولیو کے حفاظتی قطرے پلا کر اور ویکسین لگا کر انسداد پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح بھی کیا۔

بقیہ 24

ین اور کارتوس برآمد کیے گئے۔ ہلاک دہشتگرد وسید ولی سے تذکرہ بار افغانستان کا افغان مہاجر کارڈ بھی برآمد ہوا۔ سی ٹی ڈی کے مطابق سید ولی افغانستان سے پاکستان داخل ہونے والے تین خودکش حملہ آوروں میں سے ایک ہو سکتا ہے۔ کارروائی کے دوران تمام سی ٹی ڈی اہلکار محفوظ رہے۔ سی ٹی ڈی نے فرار دہشت گردوں کی گرفتاری کیلئے علاقے میں سرچ آپریشن شروع کر دیا۔ آئی جی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید اور ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی نے کامیاب کارروائی پر پشاور ریجن کے سی ٹی ڈی جوانوں کو شاباش دی ہے۔ سی ٹی ڈی کے مطابق دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کیلئے انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 25

ں کو سرکاری سطح پر ان کے گھر بار، تیار فصلات باغات اور بچوں کو اسکولوں سے بے دخل کیا جارہا ہے خدکو پچاس ہزار پر مشتمل سرسبز و شاداب وادی ہے اس وقت وہاں لوگ بدترین صورتحال سے دوچار ہیں آئے روز فورسز اور تنظیموں کے مابین جھڑپوں کے باعث عام لوگ سماجی اور معاشی اعتبار سے اپاہج ہو کر رہ گئے ہیں طویل کرفیو کی بدولت ٹیوب ویلز بند ہونے سے تیس سالوں کی مشقت سے تیار باغات خشک ہو گئے کئی فصلات تباہ ہوئے اسکول بند ہو گئے فریقین اتنے زور آور ہیں کہ عام لوگ ان کے مابین مجبور اور بدحال ہو کر رہ گئے ہیں ان کی حالت قابل رحم ہے لیکن رحم کے بجائے اب گھروں کو خالی کرنے کے حکمنامے بھی ملے ہیں مریض خواتین بچے انتہائی کسمپرسی کی حالت میں گھر بار چھوڑ رہے ہیں حکومت اور ریاست کو ان کے متعلق سوچنا چاہیے ساری آبادی نہ دہشت گرد ہے نہ ہی سہولت کار کہ ان کے ساتھ اس طرح کا سلوک کیا جائے انہیں شہری تصور کرتے ہوئے ان کے انسانی حقوق کا خیال رکھا جائے۔

بقیہ 26

پی ٹی آئی کے سینیٹر علی ظفر نے کہا ہے کہ واقعے کی طویل مدتی وجوہات کا بھی جائزہ لینا ہوگا، سینیٹ کی کمیٹی قائم کی جائے جبکہ پیپلز پارٹی کی سینیٹر شیری رحمان نے کہا کہ معاملے کی تحقیقات کیلئے پورے ایوان کی کمیٹی بنائی جائے جو 40 دن میں رپورٹ پیش کرے۔ جمعہ کو سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے پی ٹی آئی کے سینیٹر علی ظفر نے پمز واقعے کی مکمل تحقیقات اور ذمے داروں کو سزا دینے کا مطالبہ کیا۔ علی ظفر نے کہا کہ پمز واقعے کی مکمل تحقیقات کی جائیں اور تعین کیا جائے کہ اس واقعے کا ذمے دار کون تھا، جس کی غلطی تھی اسے سزا دی جائے۔ انہوں نے کہا کہ واقعے کی طویل مدتی وجوہات کا بھی جائزہ لینا ہوگا، ذمے داری وزیر اعظم، کابینہ اور بجٹ منظور کرنے والوں پر عائد ہوتی ہے۔ علی ظفر کا کہنا ہے کہ ہم نے کہا تھا صحت کا بجٹ کم نہ کیا جائے، اس کا اثر غریبوں کے اسپتالوں پر پڑے گا، میں نے اپنی بجٹ تقریر میں بھی یہ بات کہی تھی لیکن حکومت نے اسے مسترد کر دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ اسپتال حکومت کی ترجیحات میں شامل ہی نہیں ہیں۔ سینیٹر علی ظفر نے مطالبہ کیا کہ پمز واقعے کی تحقیقات کیلئے سینیٹ کی کمیٹی قائم کی جائے اور اس کی سربراہی اپوزیشن کو دی جائے۔ ان کا کہنا ہے کہ کمیٹی اسپتالوں میں ہنگامی حالات سے نمٹنے کے لئے ایس او پیز تیار کرے اور موجودہ ایس او پیز کا بھی جائزہ لے۔ علی ظفر نے کہا کہ اسپتالوں کو کمیٹی کے ساتھ تعاون کرنے کا پابند کیا جائے اور یہ کمیٹی آج ہی تشکیل دی جائے، حکومت کی جانب سے قائم کردہ کمیٹی پر عوام کو اعتماد ہی نہیں ہے۔ دریں اثنا پی پی پی کی سینیٹر شیری رحمن نے پمز اسپتال میں آتشزدگی کے واقعے پر حکومتی تحقیقات پر عدم اعتماد کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کی تحقیقات کے لئے پورے ایوان کی کمیٹی بنائی جائے جو 40 دن میں رپورٹ پیش کرے۔ سینیٹ اجلاس میں اظہار خیال کرتے ہوئے شیری رحمن نے کہا کہ جو حکومتی کمیٹیاں بنائی گئی ہیں، ہمیں ان پر اعتماد نہیں، ان کمیٹیوں میں سب لوگ ایک دوسرے کی تحقیقات کر رہے ہیں، ساری تحقیقاتی کمیٹیوں کا کیا بنا ہمیں بتایا جائے، ورنہ میں کارروائی نہیں چلنے دوں گی۔ انہوں نے کہا کہ جھوٹ بولا جارہا ہے کہ انخلا کے راستے کھلے تھے، سب راستے بند تھے، یہ بھی پوچھا جائے کہ عملہ کہاں تھا، عملہ سو رہا تھا، پمز کے پاس فائر این او سی کیوں نہیں تھا اور انخلا کے راستے کہاں بند تھے؟ شیری رحمن نے کہا کہ سی ڈی اے کی رپورٹس پمز کی رپورٹس کے برعکس ہیں، سی ڈی اے نے متنبہ کیا تھا کہ اسپتال کا فائر سیفٹی نظام درست نہیں، صرف سیکرٹری کو معطل کر دینا کافی نہیں، پمز میں آگ لگنے کے معاملے کا کیا بنا؟ بتایا جائے۔ پیپلز پارٹی کی سینیٹر نے سوال اٹھایا کہ کبھی کسی نے ایئر کنڈیشنر سے چنگاری آتی دیکھی ہے؟ ہم بوڑھے ہوگئے ان میں بیٹھ کر۔ انہوں نے اپنے سابقہ وزارت کے دور کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ میں وزیر تھی جس دن اپنی وزارت میں مداخلت نہ روک سکی، مستعفی ہوگئی تھی، بطور وزیر صحت میں نے اپنے شوہر کا پمز میں آپریشن کروایا تھا، میں نے شوہر سے کہا تھا کہ کراچی میں نہیں، آپ کا آپریشن یہیں ہوگا۔ شیری رحمن نے کہا کہ پمز کسی کو سروس دینے کے لائق نہیں، پمز اپنے آپریشنز پولی کلینک اور راولپنڈی کو ریفر کر رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ مجھے کہا گیا تھا کہ دروازے اس لئے بند ہیں کیونکہ بچے چوری ہوتے ہیں، میں نے کہا تھا دروازے بند نہ کریں، سیکیورٹی گارڈز لگا دیں۔ شیری رحمن نے کہا کہ عوام شہنشاہی سے تھک گئے ہیں، عوام آپ سے کوئی تعلق نہیں رکھتے، ایوان سے لوگوں کو امید نہیں کیونکہ یہاں کچھ نہیں ہو رہا۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ سینیٹ کی کمیٹی بنائی جائے جو پمز کے معاملے کی تحقیقات کر کے 40 دن میں رپورٹ دے۔

بقیہ 27

کے شیڈول کا اعلان کر دیا گیا ہے۔ بورڈ کی جانب سے جاری کردہ تفصیلات کے مطابق امیدوار بغیر کسی لیٹ فیس کے اپنے امتحانی فارم اور فیس 2 ستمبر 2026 تک جمع کرا سکتے ہیں۔ بورڈ انتظامیہ نے مزید کہا کہ مقررہ تاریخ کے بعد امتحانی فارم ڈبل فیس کے ساتھ 18 ستمبر 2026 تک جبکہ ٹرپل فیس کے ساتھ 30 ستمبر 2026 تک جمع کرائے جا سکیں گے۔ تمام متعلقہ اداروں اور امیدواروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ امتحانی مراحل میں کسی بھی زحمت سے بچنے کے لیے وقت مقررہ پر اپنی فیس اور فارم کی جمع آوری یقینی بنائیں۔

بقیہ 28

نتیجے میں دم گھٹنے سے دو افغان کان کنوں سمیت تین کان کن ہلاک ہو گئے۔ مائنز انسپکٹریٹ نے واقعے کو حادثہ کے بجائے مجرمانہ غفلت اور قتل قرار دیا ہے۔ پولیس نے اس کیس میں چار افراد کو گرفتار کرلیا ہے۔ کوئلہ کانوں میں حفاظتی بندوبست نہ ہونے اور گیس بھرنے سے حادثات ہوتے رہتے ہیں لیکن آپس کے جھگڑے کی وجہ سے کان کنوں کی موت کا یہ پہلا واقعہ ہے۔ پولیس کے مطابق یہ واقعہ جمعرات کو کوئٹہ سے 320 کلومیٹر دور ڈکی کے علاقے معراج کول مائن ایریا میں کالا خان کول مائن کمپنی کی کوئلہ کان میں پیش آیا۔ مرنے والوں میں افغانستان کے رہائشی عیسیٰ خان بارکزئی اور شمس اللہ علیزئی جبکہ بلوچستان کے ضلع پشین کے رہائشی سراج الدین اچکزئی شامل ہیں۔ ضروری قانونی کارروائی کے بعد نعشیں ان کے آبائی علاقوں کو روانہ کر دی گئیں۔ ڈکی کے مائنز انسپکٹر عبدالقادر مری نے غیر ملکی نشریاتی ادارے کو بتایا کہ زیر زمین ایک دوسرے کے قریب واقع کانوں کے درمیان آکسیجن کی ترسیل کے لیے سرنگ بنائی جاتی ہے جسے مقامی زبان میں 'ہوائی' کہا جاتا ہے۔ ان کے مطابق دونوں کانوں کے ٹھیکیداروں کے درمیان تنازع چل رہا تھا جس پر ایک کان کے ٹھیکیدار نے اپنے مزدوروں کو آکسیجن کا یہ راستہ (ہوائی) بند کرنے کا کہا۔ دوسری کان میں موجود مزدور اس بات سے بے خبر تھے، جس کے نتیجے میں اندر زہریلی گیس جمع ہو گئی اور آکسیجن نہ ملنے سے تینوں مزدوروں کا دم گھٹ گیا۔ مائنز انسپکٹر نے بتایا کہ یہ محض حادثہ نہیں بلکہ جرم ہے اس لیے ہم نے پولیس کو ملزمان کے خلاف قتل کی دفعات کے تحت مقدمہ درج کرنے کی درخواست دی ہے۔ ایس پی ڈکی منصور احمد بزدار کے مطابق مائنز حکام کی درخواست پر تعزیرات پاکستان کی دفعہ 319 (قتل خطا) اور 322 (قتل بالسبب) کے تحت مقدمہ درج کر کے دونوں کانوں کے ٹھیکیداروں اور دو مزدوروں کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ابتدائی طور پر معلوم ہوا ہے کہ یہ واقعہ ٹھیکیداروں کے درمیان تنازع کا نتیجہ ہے اور آکسیجن جان بوجھ کر بند کی گئی۔ اس معاملے کی مزید تفتیش جاری ہے۔ مائنز انسپکٹر نے یہ بھی بتایا کہ جن دو کانوں میں یہ واقعہ ہوا انہیں غیر محفوظ قرار دے کر پہلے ہی بند کیا جا چکا تھا لیکن مالکان اور ٹھیکیداروں نے چوری چھپے دوبارہ کام شروع کر دیا تھا۔ ان کے مطابق ڈکی میں اب تک 300 سے زیادہ ایسی غیر محفوظ کانیں بند کی جا چکی ہیں جہاں حادثات کا خطرہ موجود تھا اور حفاظتی انتظامات تسلی بخش نہیں تھے۔ مزدور تنظیموں کا یہ موقف رہا ہے کہ کوئلہ کانوں میں حادثات کی سب سے بڑی وجہ ٹھیکیداری نظام ہے۔ کان مالکان کان کو ٹھیکے پر دے کر حفاظتی انتظامات سمیت ہر ذمہ داری سے پیچھا چھڑا لیتے ہیں۔ تنظیموں کا مزید کہنا ہے کہ کان کو ٹھیکے پر دینے کے بعد ٹھیکیدار مزدوروں کی جان کی پروا کیے بغیر جلد سے جلد زیادہ سے زیادہ منافع کمانے کی کوشش میں لگے رہتے ہیں۔ مائنز انسپکٹریٹ کے اعداد و شمار کے مطابق 2021 سے 2025 تک صوبے میں کوئلہ کانوں کے 229 حادثات میں 383 کان کن جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں۔ صرف رواں سال اب تک 60 سے زیادہ کان کن حادثات میں جان کھو چکے ہیں۔ گزشتہ ماہ کوئٹہ کے قریب سورینج میں ایک ہی حادثے میں 34 کان کن ہلاک ہوئے تھے۔

بقیہ 29

نے سریاب روڈ اور گردونواح کے علاقوں میں چھاپے مار کر غیر قانونی طور پر چلائے جانے والے پٹرول پمپس کے خلاف گرینڈ آپریشن کیا۔ کارروائی کے دوران خطرناک اور غیر قانونی طور پر پٹرول فروخت کرنے والے 25 پوائنٹس کو مکمل طور پر سیل کر دیا گیا۔ اس موقع پر اسپیشل مجسٹریٹ سریاب میر عزت اللہ نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے واضح کیا کہ شہر بھر میں عوام کی جان و مال سے کھیلنے والے اس غیر قانونی دھندے اور مافیا کے خلاف کارروائیاں بلا تعطل جاری رہیں گی۔ انہوں نے دوٹوک الفاظ میں کہا کہ شہریوں کی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا، کسی کو بھی رعایت نہیں دی جائے گی۔

بقیہ 30

2026 کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلی مریم نواز شریف کا کہنا تھا کہ بگ ڈیٹا جدید معیشت اور ترقی میں بنیادی کردار ادا کر رہا ہے، مصنوعی ذہانت، بگ ڈیٹا اور جدید ٹیکنالوجی مستقبل کی ترقی کی بنیاد ہیں، دونوں ملکوں کے درمیان باہمی اعتماد پر مبنی مضبوط تعلقات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ڈیٹا پائیدار ترقی کیلئے موثر منصوبہ بندی کا اہم ذریعہ ہے، پنجاب میں جدید ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل معیشت کیلئے اہم اقدامات کر رہے ہیں، پنجاب کو جدید ٹیکنالوجی اور مصنوعی ذہانت کا مرکز بنا رہے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ نوجوانوں کو جدید ٹیکنالوجی کی تعلیم اور روزگار کے مواقع فراہم کرنا ترجیح ہے، ڈیجیٹل ٹیکنالوجی سے حکومتی نظام میں شفافیت اور کارکردگی بہتر بنائی جاسکتی ہے، پنجاب میں ٹیکنالوجی کے شعبے میں سرمایہ کاری کیلئے سازگار ماحول فراہم کر رہے ہیں۔ مریم نواز نے کہا کہ پنجاب کے نوجوان جدید ٹیکنالوجی میں دنیا کا مقابلہ کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں، پنجاب میں ڈیجیٹل گورننس کو مزید فروغ دیا جارہا ہے۔ وزیر اعلی پنجاب کا مزید کہنا تھا کہ بگ ڈیٹا کے موثر استعمال سے حکومتی فیصلہ سازی مزید بہتر بنائی جاسکتی ہے، بگ ڈیٹا ماحولیاتی نگرانی اور سموگ کے خاتمے میں بھی مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔

بقیہ 31

امن دشمن عناصر کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا اور ان کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی' ان خیالات کا اظہار انہوں نے بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر داخلہ نے کہا ہے کہ جہاں ضرورت پیش آئی وہاں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز اور وسیع پیمانے پر سیکیورٹی اقدامات کیے جائیں گے۔ حکومت امن دشمنوں کے مذموم عزائم کو کامیاب نہیں ہونے دے گی اور بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں صوبائی وزیر داخلہ نے عوام سے اپیل کی کہ وہ افواہوں پر کان نہ دھریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی یا شخص کے بارے میں فوری طور پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کو اطلاع دیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے تعاون کے بغیر دہشتگردی اور جرائم کے مکمل خاتمے کا مقصد حاصل نہیں کیا جاسکتا میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ بلوچستان کے عوام، قبائلی عمائدین، پولیس اور دیگر سیکیورٹی ادارے دہشتگردی کے خلاف متحد ہیں۔ امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور صوبے کو امن، ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن رکھا جائے گا۔

بقیہ 32

یب سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ نے کہا کہ کوئٹہ ڈویژن میں تعیناتی کے دوران انہیں افسران اور عملے کا بھرپور تعاون حاصل رہا، جس پر وہ سب کے شکر گزار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری فرائض کی انجام دہی میں ٹیم ورک اور باہمی تعاون بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ ڈویژن میں اپنے دور تعیناتی کے دوران عوامی مسائل کے حل، انتظامی امور میں بہتری اور حکومتی اقدامات پر موثر عملدرآمد کے لیے بھرپور کوششیں کیں۔ انہوں نے افسران و اہلکاروں پر زور دیا کہ وہ آئندہ بھی اپنے فرائض محنت، دیانتداری اور عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ انجام دیتے رہیں۔ اس موقع پر شرکاء نے کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی خدمات کو سراہتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور ان کی آئندہ ذمہ داریوں میں کامیابی کے لیے دعا کی۔ تقریب کے اختتام پر شاہزیب خان کاکڑ نے تمام افسران اور اہلکاروں سے فرد فرد ہاتھ بھی ملایا۔

بقیہ 33

نظم و ضبط، ٹیم ورک اور اسپورٹس مین اسپرٹ کے ذریعے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ سکول کے پرنسپل محمد سلیم سربرہ نے کرکٹ ٹیم، کھلاڑیوں، کوچز، اساتذہ اور والدین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ طلبہ کی کامیابی پوری درسگاہ کی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سکول میں تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں اور ہم نصابی سرگرمیوں کو بھی خصوصی اہمیت دی جارہی ہے تاکہ طلبہ کی صلاحیتوں کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا جاسکے۔ اساتذہ اور والدین نے بھی کرکٹ ٹیم کی کامیابی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ منتخب نوجوان کھلاڑی مستقبل میں مزید محنت کر کے قومی سطح پر ضلع لسبیلہ اور بلوچستان کا نام روشن کریں گے۔ سکول انتظامیہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مستقبل میں بھی کھیلوں کے ٹیلنٹ کو تلاش کرنے، نکھارنے اور نوجوان کھلاڑیوں کو بہتر مواقع فراہم کرنے کے لیے بھرپور اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 34

ی کے ساتھ انجام دینے کے عزم کا اظہار کیا اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اسماعیل مینگل نے نو منتخب نمائندوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ بلدیاتی نظام عوامی مسائل کے حل اور نچلی سطح تک اختیارات کی منتقلی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ نو منتخب نمائندے اپنے اپنے علاقوں کے عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر اجاگر کریں اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مل کر عوامی فلاح و بہبود کے لیے موثر کردار ادا کریں انہوں نے کہا کہ بلدیاتی نمائندے عوام اور انتظامیہ کے درمیان موثر رابطے کا ذریعہ ہیں، اس لیے ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، صفائی ستھرائی، ترقیاتی امور اور دیگر عوامی مسائل کے حل کے لیے بھرپور کردار ادا کریں حلف برداری کے بعد نو منتخب بلدیاتی نمائندوں نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اسماعیل مینگل کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ عوامی اعتماد پر پورا اترتے اور اپنے علاقوں کی ترقی و خوشحالی کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔

بقیہ 35

کی فضل الرحمن کبدانی کی زیر صدارت تحصیل ڈکی کے عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر سننے اور ان کے فوری حل کے لیے نظامی پبلک ہائی سکول ڈکی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں کمانڈر 87 ونگ کرنل شاہد بلال، ایس پی ڈکی منصور احمد بزدار، اسسٹنٹ کمشنر ڈکی محمد اکرم حریفال سمیت تمام متعلقہ محکموں کے ضلعی افسران نے شرکت کی۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان براہ راست رابطے کو مزید موثر بنانا اور شہریوں کو اپنے مسائل و شکایات کے اظہار کے لیے ایک باقاعدہ اور کھلا پلیٹ فارم فراہم کرنا تھا۔ کھلی کچہری کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا، جس کے بعد علاقہ مکینوں نے بڑی تعداد میں شرکت کرتے ہوئے صاف پانی کی فراہمی، تعلیم، صحت، سڑکوں کی تعمیر و مرمت، نکاسی آب، معذور افراد کے لیے ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر کے قیام اور دیگر بنیادی شہری سہولیات سے متعلق اپنے مسائل اور مشکلات ڈپٹی کمشنر کے سامنے پیش کیے۔ ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کبدانی نے شہریوں کے مسائل اور شکایات کو توجہ اور تحمل سے سنا اور موقع پر موجود متعلقہ محکموں کے ضلعی سربراہان سے ہر مسئلے کے حوالے سے تفصیلات اور موجودہ صورتحال دریافت کی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو عوامی مسائل کے فوری ازالے، دستیاب وسائل کے موثر استعمال اور زیر التوا معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقع پر واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے جائز مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے اور کھلی کچہریوں کے انعقاد کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 01

امن دشمن عناصر کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا اور ان کے خلاف قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی' ان خیالات کا اظہار انہوں نے بات چیت کرتے ہوئے کیا صوبائی وزیر داخلہ نے کہا ہے کہ جہاں ضرورت پیش آئی وہاں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشنز اور وسیع پیمانے پر سیکیورٹی اقدامات کیے جائیں گے۔ حکومت امن دشمنوں کے مذموم عزائم کو کامیاب نہیں ہونے دے گی اور بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں صوبائی وزیر داخلہ نے عوام سے اپیل کی کہ وہ افواہوں پر کان نہ دھریں اور کسی بھی مشکوک سرگرمی یا شخص کے بارے میں فوری طور پر قانون نافذ کرنے والے اداروں کو اطلاع دیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے تعاون کے بغیر دہشتگردی اور جرائم کے مکمل خاتمے کا مقصد حاصل نہیں کیا جا سکتا میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا کہ بلوچستان کے عوام، قبائلی عمائدین، پولیس اور دیگر سیکیورٹی ادارے دہشتگردی کے خلاف متحد ہیں۔ امن و امان کی صورتحال کو بہتر بنانے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لیے تمام ضروری اقدامات جاری ہیں۔ انہوں نے اس عزم کا اظہار کیا کہ دہشتگردی کے خلاف جنگ کو منطقی انجام تک پہنچایا جائے گا اور صوبے کو امن، ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن رکھا جائے گا۔

بقیہ 02

یب سے خطاب کرتے ہوئے کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ نے کہا کہ کوئٹہ ڈویژن میں تعیناتی کے دوران انہیں افسران اور عملے کا بھرپور تعاون حاصل رہا، جس پر وہ سب کے شکر گزار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری فرائض کی انجام دہی میں ٹیم ورک اور باہمی تعاون بنیادی اہمیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ ڈویژن میں اپنے دورِ تعیناتی کے دوران عوامی مسائل کے حل، انتظامی امور میں بہتری اور حکومتی اقدامات پر مؤثر عملدرآمد کے لیے بھرپور کوششیں کیں۔ انہوں نے افسران و اہلکاروں پر زور دیا کہ وہ آئندہ بھی اپنے فرائض محنت، دیانتداری اور عوامی خدمت کے جذبے کے ساتھ انجام دیتے رہیں۔ اس موقع پر شرکاء نے کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی خدمات کو سراہتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور ان کی آئندہ ذمہ داریوں میں کامیابی کے لیے دعا کی۔ تقریب کے اختتام پر شاہزیب خان کاکڑ نے تمام افسران اور اہلکاروں سے فرد وفرد ہاتھ بھی ملایا۔

بقیہ 03

نظم وضبط، ٹیم ورک اور اسپورٹس مین اسپرٹ کے ذریعے اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا۔ سکول کے پرنسپل محمد سلیم سرپرونے کرکٹ ٹیم، کھلاڑیوں، کوچز، اساتذہ اور والدین کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ طلبہ کی کامیابی پوری درسگاہ کی کامیابی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سکول میں تعلیم کے ساتھ ساتھ کھیلوں اور ہم نصابی سرگرمیوں کو بھی خصوصی اہمیت دی جا رہی ہے تاکہ طلبہ کی صلاحیتوں کو بھرپور انداز میں اجاگر کیا جا سکے۔ اساتذہ اور والدین نے بھی کرکٹ ٹیم کی کامیابی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ منتخب نوجوان کھلاڑی مستقبل میں مزید محنت کر کے قومی سطح پر ضلع لسبیلہ اور بلوچستان کا نام روشن کریں گے۔ سکول انتظامیہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ مستقبل میں بھی کھیلوں کے ٹیلنٹ کو تلاش کرنے، نکھارنے اور نوجوان کھلاڑیوں کو بہتر مواقع فراہم کرنے کے لیے بھرپور اقدامات جاری رکھے جائیں گے۔

بقیہ 04

عائشہ زہری نے فوری ایکشن لیتے ہوئے متاثرہ علاقے میں محکمہ صحت کی ٹیم بھیج دی ریپڈ رسپانس ٹیم نیڈپٹی ڈی ایچ او قلات ڈاکٹر محمد اقبال نورزئی کی قیادت میں پی پی ایچ آئی قلات کے تعاون سے علاقے میں مریضوں کا معائنہ کیا، جہاں 300 سے زائد مریضوں کی طبی حالت کا جائزہ لیتے کے ساتھ ضروری طبی امداد اور ادویات بھی فراہم کیں طبی ٹیم میں پی پی ایچ آئی قلات کے ایڈمن آفیسر غلام فاروق شاہوانی، ڈبلیو ایچ او کے نمائندہ عمیر بلوچ، موبائل ٹیم انچارج علی حسن مینگل، محمد اقبال نوشیروانی، ثناء اللہ سمیت دیگر طبی عملہ موجود تھا یاعلاقہ کے مطابق علاقے میں دست، الٹی اور پیٹ کی دیگر بیماریوں کے پھیلاؤ کی ایک بڑی وجہ صفائی کی ناقص صورتحال ہو سکتی ہے۔ جس سے بیماریاں وبائی امراض کی شکل اختیار کرتی ہیں ضلعی انتظامیہ محکمہ صحت کی جانب سے بروقت طبی ٹیم مغلزئی پہنچنے اور مریضوں کا چیک اپ کرنے پر اہل علاقہ نے اطمینان کا اظہار کیا ہے

بقیہ 05

ی کے ساتھ انجام دینے کے عزم کا اظہار کیا اس موقع پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اسماعیل مینگل نے نومنتخب نمائندوں کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ بلدیاتی نظام عوامی مسائل کے حل اور نچلی سطح تک اختیارات کی منتقلی میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ نومنتخب نمائندے اپنے اپنے علاقوں کے عوام کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر اجاگر کریں اور ضلعی انتظامیہ کے ساتھ مل کر عوامی فلاح و بہبود کے لیے مؤثر کردار ادا کریں انہوں نے کہا کہ بلدیاتی نمائندے عوام اور انتظامیہ کے درمیان مؤثر رابطے کا ذریعہ ہیں، اس لیے ان کی ذمہ داری ہے کہ وہ اپنے علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی، صفائی ستھرائی، ترقیاتی امور اور دیگر عوامی مسائل کے حل کے لیے بھرپور کردار ادا کریں حلف برداری کے بعد نومنتخب بلدیاتی نمائندوں نے ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اسماعیل مینگل کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ عوامی اعتماد پر پورا اترنے اور اپنے علاقوں کی ترقی و خوشحالی کے لیے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں گے۔

بقیہ 06

لکھنو اور نجف سے فارغ التحصیل جید عالم دین اور برجستہ علمی شخصیت کے طور پر پہچانے جانے والے 'نڈر' بیباک' راست گو اور سادہ انسان تھے۔ وہ دستور کے تحت قائم ہونے والے اسلامی قوانین کے پہلے ادارے تعلیمات اسلامیہ بورڈ کے رکن تھے' 31 علماء میں شامل تھے جنہوں نے 22 نکات مدون کیے' وہ نظریاتی کونسل کے رکن بھی تھے لیکن اسلامائزیشن پر اختلاف کی وجہ سے مستعفی ہو گئے تھے انہوں نے عوام کے حقوق کے لئے جو جدوجہد کی وہ اپنی مثال آپ تھی۔ انہوں نے شدت پسندی اور شرپسندی کی نفی کرتے ہوئے اعتدال اور اتحاد کو مدنظر رکھا' ملک کو درپیش داخلی و خارجی مسائل پر آواز بلند کی اور عوام کے جذبات کی ترجمانی اپنے اصولی موقف کے ذریعے کی' آپ ملک میں سیاسی عدم استحکام اور حقیقی جمہوریت کی عدم دستیابی پر ہروقت پریشان رہتے تھے کیونکہ سیاسی عدم استحکام کو ملک کی بقاء کے لئے نقصان دہ سمجھتے تھے 70-1960 کی دہائی میں مفتی صاحب قائد اول علامہ سید محمد دہلوی کی طرف سے شروع کی گئی ملی جدوجہد کا حصہ رہے اور دہلوی صاحب کے ہمرکاب ہو کر اس جدوجہد میں بھی بنیادی کردار ادا کیا۔ علامہ مفتی جعفر حسین نے آخری ایام میں حکمرانوں سے مایوس ہو کر ایم آر ڈی میں شمولیت اختیار کی جس میں نمائندگی ہمیں حاصل رہی اور اس میں ہم نے کردار ادا کیا۔ مرحوم علامہ مفتی جعفرحسین کی 43 ویں برسی پر اپنے پیغام میں کہا کہ علامہ مرحوم ایک حقیقت پسند رہنما تھے اور انہوں نے اعتدال پسندی' اتحاد و یکجہتی اور صاف ستھری سیاست کے گہرے نقوش چھوڑے جو ہمارے لئے مشعل راہ ہیں۔ وہ ملک میں آئین و قانون کی بالادستی قائم کرنے پر زور دیتے رہے اور اس بات پر متفکر تھے کہ اگر آئین و قانون کو بالادستی حاصل نہ ہو سکی تو ملک شرپسندوں اور فرقہ پرستوں کے ہاتھوں تباہی کی طرف چلا جائے گا۔ ان کی دوراندیشی اور وسیع سوچ آج بھی مشعل راہ ہے۔ علامہ ساجد نقوی نے مزید کہا کہ دورِ آمریت میں پیرانہ سالی کے باوجود اپنے جائز اور دستوری حقوق کی جدوجہد کو جاری رکھنا علامہ مرحوم کا خاصا تھا جنہوں نے تمام طبقات کے آئینی و قانونی حقوق کے تحفظ کیلئے جدوجہد کی اور سب پر واضح کیا کہ جبر و ظلم کے ذریعہ کسی کے جائز حقوق پر ڈاکہ نہیں ڈالا جا سکتا چنانچہ ان کی سربراہی میں حقوق کے تحفظ کے تاریخی احتجاج پر اس وقت کے حکمرانوں نے یہ یقین دہانی کرائی کہ ہر شہری کے حقوق کا پورا پورا احترام کیا جائے گا اور کسی کو دوسرے پر فوقیت نہیں دی جائے گی۔ قائد ملت جعفریہ پاکستان علامہ ساجد نقوی نے مزید کہا کہ علامہ مفتی جعفرحسین ایک نابغہ روزگار شخصیت تھے جن کے اندر مختلف صلاحیتیں اور مہارتیں کوٹ کوٹ کر بھری تھیں ان کی شخصیت ہمہ جہت تھی اس کی وجہ سے انہوں نے اکثر علمی اور عملی جہات میں اپنی صلاحیتوں کو منوایا جس طرح تصنیف' تراجم اور تبلیغ میں ان کا منفرد مقام تھا اسی طرح ملی جدوجہد میں بھی وہ اعلیٰ مرتبت کے حامل تھے پیرانہ سالی کے باوجود انہوں نے قومی درد کو محسوس کرتے ہوئے بھرپور اور انتھک جدوجہد کی جس کے نتیجے میں کامیابی حاصل ہوئی اور ملت کو ان کی قیادت کی صورت میں ملی حصار نصیب ہوا۔ ایسی شخصیت کی جدوجہد یقیناً قابل تحسین ہے قوم کے ہر فرد کو چاہیے کہ وہ ان کی جدوجہد آئندہ نسلوں تک پہنچائے۔

بقیہ 07

کے ڈاکٹرز کے خلاف شدید احتجاج پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب مانجھوٹی گوٹھ فوج علی کھوسہ کے رہائشی بارہ سالہ لڑکا غلام حیدر ولد منور علی کھوسہ کو زہریلے سانپ نے ڈس لیا جسکو تشویشناک حالت میں ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی منتقل کر دیا گیا لواحقین کے مطابق بچے کو اینٹی اسنیک وینم (ویکسینیشن) نہ ملنے کی وجہ سے وہ جانبحق ہو گئے واقعے پر لواحقین نے ڈاکٹرز کے خلاف سخت احتجاج کیا اور اعلی حکام سے واقعے کا نوٹس لینے کی اپیل کی۔

بقیہ 08

کرنے کا عمل تسلسل کے ساتھ جاری ہے، جبکہ آؤٹ ریچ سرگرمیوں کے ذریعے دور دراز، پسماندہ اور کم رسائی والے علاقوں میں بھی ویکسینیشن کی سہولیات پہنچائی جا رہی ہیں ان کا کہنا تھا کہ حکومت بلوچستان کی صحت عامہ کی ترجیحات کے مطابق کوئی بھی بچہ حفاظتی ٹیکوں سے محروم نہ رہے، اس مقصد کے لیے معمول کی ویکسینیشن کے ساتھ ساتھ آؤٹ ریچ سرگرمیوں کو بھی مؤثر اور منظم انداز میں جاری رکھا جا رہا ہے اوٹ ریچ سرگرمی کے دوران گوادر شہر، نیو آباد، پشکان، شبے اسماعیل، جیونی سمیت ضلع بھر کے مختلف علاقوں میں خصوصی ویکسینیشن سیشنز کا انعقاد کیا گیا، جہاں بچوں کو مقررہ ویکسینیشن شیڈول کے مطابق حفاظتی ٹیکے فراہم کیے گئے۔ اس موقع پر والدین اور مقامی کمیونٹی کو بچوں کی بروقت ویکسینیشن کی اہمیت، حفاظتی ٹیکوں کے فوائد اور قابل انسداد بیماریوں سے بچاؤ کے حوالے سے بھی آگاہی فراہم کی گئی

بقیہ 09

ہوئے کہا ہے کہ معصوم بچوں کا اس طرح جان کی بازی ہار جانا انتہائی دلخراش اور ناقابل تلافی سانحہ ہے میر ارشد حسین خان کھوسہ نے کہا کہ پمز ہسپتال کا واقعہ ایک ایسے وقت میں پیش آیا جب والدین اپنے نومولود بچوں کی صحتیابی اور زندگی کے لیے دعائیں کر رہے تھے۔ آتشزدگی کے باعث معصوم جانوں کا ضیاع پوری انسانیت کے لیے باعث رنج ہے، جبکہ متاثرہ والدین جس کرب اور اذیت سے گزر رہے ہیں، اسے الفاظ میں بیان نہیں کیا جا سکتا انہوں نے کہا کہ متاثرہ خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور جاں بحق نومولود بچوں کے والدین و لواحقین سے دلی تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ سوگوار خاندانوں کو صبر جمیل عطا فرمائے اور معصوم بچوں کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام نصیب کرے میر ارشد حسین خان کھوسہ نے کہا کہ اس افسوسناک واقعے کے بعد ملک کے تمام ہسپتالوں میں حفاظتی انتظامات کا از سرنو جائزہ لینے کی ضرورت ہے۔ فائر سیفٹی کے مکمل انتظامات، فوری اور مؤثر ایمرجنسی رسپانس، ہنگامی انخلا کے واضح طریقہ کار اور نومولود بچوں کی حفاظت کے خصوصی انتظامات ہر ہسپتال میں یقینی بنائے جانے چاہئیں انہوں نے مزید کہا کہ ہسپتالوں میں کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے عملے کی باقاعدہ تربیت، فائر فائٹنگ آلات کی دستیابی اور ایمرجنسی نظام کی مؤثر نگرانی ضروری ہے تاکہ مستقبل میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع کو روکا جا سکے میر ارشد حسین خان کھوسہ نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا کہ واقعے کے محرکات اور حفاظتی انتظامات کا مکمل جائزہ لیا جائے اور اگر کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی سامنے آئے تو ذمہ داروں کا تعین کر کے قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق معصوم بچوں کو اپنی رحمت میں جگہ عطا فرمائے، لواحقین کو یہ ناقابل برداشت صدمہ سہنے کی ہمت دے اور تمام ہسپتالوں میں ایسے مؤثر حفاظتی اقدامات یقینی بنائے جائیں کہ آئندہ کوئی خاندان اس طرح کے سانحے سے دوچار نہ ہو۔ آمین

بقیہ 10

میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈاکٹر عذرا فضل پیچوہو نے کہا کہ جناح اور قومی ادارہ امراض قلب میں ملازمین کو بھرتی کرنے کی اجازت دی ہے۔ ایس آئی یو سی کو مزید بڑھایا گیا ہے اور چلڈرن وارڈ بنایا گیا ہے۔ این آئی سی وی ڈی میں او پی ڈی بلاک نیا بنایا ہے اور ٹراما سینٹر میں ویسکولر سرجری کا آغاز ہو گیا ہے جب کہ ٹراما سینٹر میں ہائبرڈ آپریشن تھیٹر بھی بنایا گیا ہے۔ وزیر صحت نے کہا کہ نیپا چورنگی انفیکشس ڈیزیز ہسپتال میں بہتری لائی جا رہی ہے، ایمبولینس ایمرجنسی سروسز مزید بہتر بنائے جا رہے ہیں، تشخیصی لیبارٹریز کی سہولت بھی بڑھائے جا رہے ہیں جب کہ سول ہسپتال کا ماسٹر پلان بن گیا ہے میڈیکل بلاک اس سال تعمیر ہونا شروع ہو گیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریڈیالوجی کا سسٹم آؤٹ سورس کرنے جا رہے ہیں، این آئی سی وی ڈی کے پیڈیاٹرک یونٹ جلد فعال کرنے والے ہیں۔ وزیر صحت کا کہنا تھا کہ پمز ہسپتال میں بچوں کی اموات پر افسوس ہے، پرانے ہسپتالوں کا سروے کر رہے ہیں، پرانے ہسپتالوں میں بجلی کی لائنیں اور بریکر تبدیل کر رہے ہیں، آگ بجھانے کے آلات اسپتالوں میں نصب ہیں جب کہ اسپتالوں میں فائر ڈرلز ہوں گی اور اسپتالوں میں سگریٹ نوشی پر مکمل پابندی لگائی جائے گی جس سے آگ لگنے کے واقعات کی روک تھام ممکن ہو سکے گی۔

بقیہ 11

جائزہ لیا گیا اسسٹنٹ کمشنر عبدالجبار بلوچ نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام طبی مراکز میں ڈاکٹرز اور عملے کی بروقت حاضری، معیاری علاج معالجے، صفائی کے مؤثر انتظامات اور عوامی شکایات کے بروقت ازالے کو ہر صورت یقینی بنایا جائے انہوں نے واضح کیا کہ عوام کو بہتر اور معیاری طبی سہولیات کی فراہمی میں کسی قسم کی غفلت یا لاپرواہی برداشت نہیں کی جائے گی اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ صحت کے شعبے میں بہتری اور شہریوں کو بہتر طبی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، جس کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

بقیہ 12

کے تحت ترقیاتی عمل کو محض بندرگاہ اور تجارتی سرگرمیوں تک محدود رکھنے کے بجائے صحت، تعلیم، پانی، روزگار، شہری سہولیات اور مقامی معاشی سرگرمیوں کے فروغ کے ساتھ مربوط بنایا جائے تاکہ گوادر کے عوام کو ان منصوبوں کے ثمرات براہ راست حاصل ہوں۔ چینی شراکت داروں نے گوادر میں مکمل ہونے والے سماجی و معاشی منصوبوں سے عوام کو حاصل ہونے والے فوائد کو سراہتے ہوئے مستقبل میں بھی تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا۔ اجلاس میں تجویز کردہ نئے منصوبوں پر مزید غور اور انہیں متعلقہ فورمز سے باقاعدہ منظوری دلانے کے لیے ضروری اقدامات اٹھانے پر بھی اتفاق کیا گیا۔ اجلاس میں اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ پاکستان اور چین کے درمیان سی پیک کے تحت گوادر کی ترقی کے لیے جاری تعاون کو مزید مؤثر بنایا جائے گا اور باہمی مشاورت سے نئے منصوبوں کو آگے بڑھاتے ہوئے گوادر کو جدید بندرگاہی، شہری اور معاشی مرکز بنانے کے عمل کو مزید تیز کیا جائے گا۔

بقیہ 13

صی اقدامات ڈاکٹر محمد طاہر نور، جبکہ چینی جانب سے نیشنل ڈویلپمنٹ اینڈ ریفارم کمیشن (NDRC) کے ڈائریکٹر جنرل مسٹر پان جیانگ نے کی۔ اجلاس میں متعلقہ وفاقی وزارتوں، اداروں اور چینی حکام و ماہرین نے شرکت کی، جبکہ ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمن خان اور ڈائریکٹر جنرل آپریشنز گوادر پورٹ اتھارٹی داؤد گلزئی نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ اسلام آباد میں قائم چینی سفارتخانے کے کمرشل ونگ کے اعلیٰ حکام بھی اجلاس میں شریک تھے۔ اجلاس کے دوران پاکستانی اور چینی حکام کی جانب سے اپنے اپنے متعلقہ شعبوں اور منصوبوں پر تفصیلی بریفنگ دی گئی، جبکہ گوادر میں سی پیک کے تحت مکمل ہونے والے منصوبوں، زیر تعمیر منصوبوں اور مستقبل کے لیے تجویز کردہ منصوبوں کی پیشرفت کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں گوادر کے اہم سماجی و معاشی منصوبوں، بالخصوص پاک چین ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ (PCTVI)، جی ڈی اے پاک چین فرینڈشپ ہسپتال اور 2.1 ملین گیلن یومیہ (MGD) سمندری پانی کے ڈیسالینیشن پلانٹ کی پیشرفت اور افادیت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ چینی حکام نے گوادر میں مکمل کیے گئے سماجی و معاشی منصوبوں کی کارکردگی اور ان سے مقامی آبادی کو براہ راست حاصل ہونے والے فوائد پر اطمینان کا اظہار کیا۔ چینی حکام نے اس امر پر خوشی کا اظہار کیا کہ ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل انسٹی ٹیوٹ، پاک چین فرینڈشپ ہسپتال اور MGD2.1 ڈیسالینیشن پلانٹ سمیت چین کے تعاون سے مکمل کیے گئے منصوبے گوادر کے شہریوں کو عملی اور براہ راست سہولیات فراہم کر رہے ہیں۔ چینی حکام نے اس عزم کا اظہار کیا کہ گوادر کی سماجی و معاشی ترقی کے لیے چین کا تعاون آئندہ بھی جاری رہے گا اور مقامی آبادی کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے نئے منصوبوں پر بھی تعاون اور غور و خوض کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا۔ اجلاس میں جی ڈی اے کی جانب سے مستقبل کے لیے پیش کی جانے والی مختلف تجاویز پر بھی تفصیلی غور کیا گیا۔ پاک چین فرینڈشپ ہسپتال کی توسیع، اس کی استعداد کو ایک سو سے 300 بستروں تک بڑھانے، میڈیکل اور نرسنگ کالج کے قیام سمیت گوادر کے صحت اور تعلیم کے شعبوں سے متعلق تجاویز بھی زیر بحث آئیں۔ اسی طرح گوادر کے ویسٹ بے، پدی زر میں جدید فش لینڈنگ، فش ہاربر اور بوٹ میکنگ انڈسٹری کے قیام کی تجاویز پر بھی غور کیا گیا، جن کا مقصد ماہی گیری کے شعبے کو جدید سہولیات فراہم کرنا، مقامی ماہی گیروں کے لیے روزگار و کاروبار کے نئے مواقع پیدا کرنا اور گوادر کی مقامی معیشت کو مزید مستحکم کرنا ہے اسی طرح گوادر سمارٹ انوائرمنٹ سنیٹیشن سسٹم اینڈ لینڈفل پروجیکٹ کی تجویز شامل کیا گیا۔ اجلاس میں گوادر پورٹ اور فری زون، ایسٹ بے ایکسپریس وے فیز II، بریک واٹر کی تعمیر، برتھنگ ایریاز اور چینلز کی ڈریجنگ، گوادر پورٹ کی ملکی اقتصادی مراکز سے رابطہ کاری، ایم ایٹ موٹروے اور منرل کوریڈور سے گوادر تک رابطہ سڑکوں سمیت متعدد منصوبوں کی پیشرفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔

بقیہ 14

کورٹ آف بلوچستان کے فیصلوں اور احکامات سے پیدا ہونے والے مقدمات کی سماعت کی جائے گی۔ سماعت کے لیے مقررہ لارجر بینچ نمبر ایک میں جسٹس یحییٰ آفریدی، چیف جسٹس آف پاکستان اور جسٹس محمد ہاشم خان کاکڑ، جبکہ بینچ نمبر دو میں جسٹس جمال خان مندوخیل اور جسٹس نعیم اختر افغان شامل ہیں۔ سپریم کورٹ کے یہ بینچ پیر 31 اگست 2026 سے جمعہ 4 ستمبر 2026 تک کوئٹہ میں مقدمات کی سماعت کریں گے۔ اس مقصد کے لیے پہلے سے جاری شدہ مقدمات کی کاز لسٹ/فہرست سپریم کورٹ آف پاکستان کی آن لائن کیس انفارمیشن ویب سائٹ پر دستیاب کر دی گئی ہے۔

بقیہ 15

کستان پیپلز پارٹی کے رہنما اور جھالاوان عوامی پینل کے سربراہ میر شفیق الرحمن مینگل کے گھر پر حملہ کر دیا اس دوران انکے محافظوں اور سیکورٹی فورسز کی کارروائی میں مبینہ طور پر ایک حملہ آور زخمی ہو گیا فائرنگ کے بعد حملہ آور موقع سے فرار ہو گئے سیکورٹی فورسز نے حملہ آوروں کا تعاقب شروع کر دیا مزید کارروائی جاری ہے۔

بقیہ 16

معیاری اشیائے خورونوش کی فراہمی کے خلاف کارروائیوں کا دائرہ کار مزید وسیع کر دیا ہے۔ اس سلسلے میں اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم کی سربراہی میں مختلف علاقوں میں ایرانی پٹرول پمپس، تندوروں اور گوشت و مٹن کی دکانوں کا تفصیلی معائنہ کیا گیا کارروائی کے دوران متعلقہ ٹیم نے مختلف پٹرول پمپس اور کاروباری مراکز پر قانونی دستاویزات، نرخ ناموں، صفائی ستھرائی، اشیائے خورونوش کے معیار اور دیگر ضروری امور کا جائزہ لیا۔ معائنے کے دوران قوانین اور ضابطوں کی خلاف ورزی پر دو ایرانی پٹرول پمپس کو سیل کر دیا گیا، جبکہ دیگر کاروباری مراکز کو بھی حکومتی احکامات پر مکمل عملدرآمد یقینی بنانے کی سخت ہدایات جاری کی گئیں اسسٹنٹ کمشنر لورالائی ندیم اکرم نے کارروائی کے دوران تندور مالکان اور گوشت فروشوں کو ہدایت کی کہ وہ مقررہ نرخوں کی پابندی، صفائی کے معیار اور گوشت کے معیار کو یقینی بنائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ عوام سے زائد نرخ وصول کرنے، غیر معیاری اشیاء فروخت کرنے یا حکومتی قوانین کی خلاف ورزی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح عوام کو ریلیف فراہم کرنا، اشیائے ضروریہ کی مناسب قیمتوں پر دستیابی اور شہریوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ ہے۔ اس مقصد کے لیے بازاروں، پٹرول پمپس، تندوروں، گوشت کی دکانوں اور دیگر کاروباری مراکز کی نگرانی کا سلسلہ جاری رکھا جائے گا اسسٹنٹ کمشنر نے متعلقہ اہلکاروں کو بھی ہدایت کی کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر مارکیٹوں کا معائنہ کریں اور خلاف ورزی کرنے والے عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائیں۔ انہوں نے تنبیہ کیا کہ بار بار خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں اور کاروباری افراد کے خلاف مزید سخت قانونی کارروائی کی جائے گی ضلعی انتظامیہ نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ وہ مقررہ نرخوں سے زائد وصولی، غیر معیاری اشیائے خورونوش کی فروخت یا دیگر خلاف ورزیوں کی صورت میں انتظامیہ کو اطلاع دیں تاکہ بروقت کارروائی عمل میں لائی جا سکے ضلعی انتظامیہ کے مطابق عوامی مفاد میں شروع کی گئی یہ کارروائیاں آئندہ بھی بلاامتیاز اور تسلسل کے ساتھ جاری رہیں گی، جبکہ قانون کی خلاف ورزی کرنے والے کسی بھی فرد یا کاروباری ادارے کے ساتھ کوئی رعایت نہیں برتی جائے گی۔

بقیہ 17

ا۔ شازیہ مری نے نکتہ اعتراض پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ 26 اگست کو پمز ہسپتال میں دلخراش سانحہ پیش آیا، اسمبلی کا بزنس رول 288 کے تحت معطل کیا جائے اور تمام ارکان کو اس اہم سانحے پر بحث کا موقع دیا جائے۔ ڈپٹی اسپیکر نے کہا کہ تمام ممبران چیمبر میں آئے تھے، آج کے دن صرف اس سانحے پر بحث ہوگی۔ سانحہ پمز پر قومی اسمبلی کا ایجنڈا معطل کر دیا گیا، ایوان کی کارروائی معطل کرنے کی تحریک وفاقی وزیر قیصر احمد شیخ نے پیش کی۔ سانحہ پمز پر بچوں کے والدین کے لیے دعا بھی کی گئی۔ وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ یہ بہت بڑا حادثہ ہے، حادثہ چیز ہی ایسی ہے جو اچانک رونما ہوتا ہے۔ حادثے کی وجوہات تک پہنچنے کے لیے وزیراعظم نے اسی دن دو کمیٹیاں تشکیل دیں۔ ایک کمیٹی سابق سیکریٹری داخلہ شاہد خان کی سربراہی میں بنائی گئی ہے، جو اپنی ابتدائی رپورٹ آج دے گی، جبکہ دوسری کمیٹی ڈاکٹر اظہر کیانی کی سربراہی میں تشکیل دی گئی ہے جو 7 روز میں اپنی رپورٹ دے گی۔ اعظم نذیر تارڑ نے کہا کہ اس میں کوئی دوسری رائے نہیں کہ یہ اندوہناک واقعہ تھا، ہم سب پاکستانی ہیں، ہم سب بچوں کے والدین ہیں۔ سیاسی بیانیے کی بجائے تجاویز دیں تاکہ ایسے حادثات سے بچا جا سکے۔ پیپلزپارٹی کے رکن قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ سانحہ پمز پر پوری قوم افسردہ ہے، مسئلے کے حل کی طرف جانا چاہیے۔ افسوس ایک واقعہ ہوتا ہے اسے ہضم کر لیتے ہیں اور اگلا واقعہ پھر ہو جاتا ہے۔ قوم کے غصے کو ٹھنڈا کرنے کے لیے کمیشن یا کمیٹی بناتے ہیں، دو روز اسمبلی میں تقاریر ہوتی ہیں، میڈیا میں چار روز شور اٹھتا ہے پھر خاموشی ہو جاتی ہے۔ راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ نوزائیدہ بچے کی ذمہ داری بہت بڑی ہے، نرسری میں آگ لگی مگر ابھی تک یہ پتہ نہیں چل سکا کہ آگ کیسے لگی۔ کیا اس وقت بچوں کے پاس کوئی اہلکار تھا؟ دروازے کو تالے لگے ہوئے تھے، کہا گیا بچے چوری ہونے سے بچانے کے لیے تالے لگائے گئے۔ کیا بچوں کو چوری ہونے سے بچانے کے لیے چودہ بچوں کو موت کے حوالے کر دیا گیا؟ راجہ پرویز اشرف نے مطالبہ کیا کہ وزیراعظم کی کمیٹیاں اپنی جگہ مگر پارلیمانی کمیٹی اسپیکر کی سربراہی میں بنائی جائے، پارلیمانی کمیٹی حقائق تلاش کرے۔ انہوں نے ایوان میں ارکان کی ایک دوسرے سے خوش گپیوں پر بھی برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہماری اس غیر سنجیدگی کی وجہ سے لوگ ہمیں باتیں کرتے ہیں۔ کوئی کہتا ہے ایئرکنڈیشن سے آگ لگی، کہا جاتا ہے ایئرکنڈیشن تو بند تھا بلکہ خراب تھا۔ ڈاکٹر امجد نے قومی اسمبلی میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ آج سے ڈیڑھ سال پہلے ایک کمیٹی بنی، جب وزارت کو بلایا اور سوالات پوچھے تو خدشات سے کہیں زیادہ حالات خراب نکلے۔ اسلام آباد میں 16 بیسک ہیلتھ یونٹس تھے، 16 میں سے 10 بیسک ہیلتھ یونٹس میں سے 4 میں ڈاکٹر ہی موجود نہ تھے۔ ڈاکٹر امجد نے کہا کہ اسلام آباد کے کسی ہسپتال کے پاس ویلڈ لائسنس نہیں تھا۔ رجسٹریشن کا طریقہ کار ہوتا ہے، انسپکشن کے بعد رجسٹریشن ہوتی ہے۔ 2018 میں قانون سازی ہوئی، 2024 تک کیس رجسٹریشن بورڈ ہی نہیں بنا۔ رجسٹریشن بورڈ بنا تو صرف ایک اجلاس ہوا، ہم آج تک یہ انسپکشن کمیٹی نہیں بنا سکے۔ انہوں نے کہا کہ کمیٹی نے رپورٹ بنائی تو ہم پر دباؤ تھا، بورڈ آف ڈائریکٹرز سیاسی اور سوچ رکھتا تھا۔ ایک سال گزرنے کے باوجود ہم اپنی رپورٹ ایوان میں پیش نہیں کر سکے۔ رپورٹ ایوان میں پیش نہ ہونے پر وزیراعظم کو باور کرایا۔ شاہدہ اختر علی نے کہا کہ پمز واقعے میں ایک سیکریٹری نہیں، قصورواروں کی پوری چین ہے۔ اس سے ایک سبق حاصل کرنا چاہیے۔ ایسے واقعات پر سخت سے سخت سزاؤں سے متعلق قانون سازی کی جائے۔ سیکریٹری کو معطل کرنا کافی نہیں، معاملے کی مکمل رپورٹ ایوان میں آنی چاہیے۔ قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی صحت کا ہنگامی اجلاس سوموار کو طلب کر لیا گیا۔ قائمہ کمیٹی صحت کا اجلاس سانحہ پمز پر طلب کیا گیا ہے۔ کمیٹی سیکریٹری نے وفاقی وزیر، سیکریٹری اور پمز انتظامیہ کو طلب کر لیا۔ ہیلتھ کمیٹی کا اجلاس ڈاکٹر مہدی کمارلاٹی کی زیرصدارت ہوگا۔ اپوزیشن رکن اسد قیصر نے کہا کہ سانحہ پمز پر دل دکھی ہے، اسلام آباد کے دل میں بنے سب سے بڑے ہسپتال کا یہ حال ہے تو باقی ملک کا تو اللہ ہی حافظ ہے۔ سوچیں بچے اور ان کی مائیں کس کرب سے گزرے ہیں۔ وزیر صحت کے پاس تو سیٹ پر رہنے کا کوئی جواز نہیں رہا۔ وزیر صحت ہی نہیں وزیراعظم کو بھی استعفیٰ دینا چاہیے۔ اسد قیصر نے کہا کہ شہباز اسپیڈ بھی بے نقاب ہوئی، اسلام آباد کا جو حال شہباز اسپیڈ نے کیا ہے وہ سب کے سامنے ہے۔ سابق وزیراعظم کو اسی پمز ہسپتال لے کر علاج کے لیے آئے تھے۔ پمز انتظامیہ کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے۔ فارم 47 کی حکومت کچھ بھی نہیں کرے گی، اس حکومت کے دن گنے جا چکے ہیں۔ پارلیمانی کمیٹی بنائی جائے۔ پمز واقعے پر قومی اسمبلی میں متفقہ قرارداد منظور کر لی گئی۔ ایوان نے پمز واقعے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا کہ حکومت واقعے کے ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کرے۔ پارلیمانی کاکس برائے حقوق اطفال نے سانحہ پمز پر متفقہ قرارداد قومی اسمبلی میں پیش کردی، قرارداد چیئرمین پارلیمانی کاکس بیرسٹر دانیال نے پیش کی۔ پمز واقعے پر بیرسٹر گوہر نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ پمز پر شفاف اور غیر جانبدار انکوائری ہونی چاہیے۔ ہم کوشش کریں کہ آج کے بعد کوئی واقعہ نہ ہو۔ پمز میں ڈاکٹرز اور نرسز موجود نہیں تھے، بچوں کو وہاں لاک کر کے چھوڑ دیا گیا تھا۔ بچوں کے والدین کی دل کھول کر مدد کی۔ وفاقی وزیر قومی صحت مصطفیٰ کمال نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ سانحہ بہت بڑا ہے اور معصوم جانوں کا کوئی نعم البدل نہیں۔ 14 بچوں کی اموات کی کوئی وضاحت نہیں دی جا سکتی۔ اس پر میں نے بہت کام کیا، جو کچھ کیا کوئی اس کے قریب نہیں پہنچ سکتا۔ مصطفیٰ کمال نے کہا کہ جو فیصلے ہوں گے شواہد کی بنیاد پر ہوں گے۔ وزیراعظم کی جانب سے کمیٹی قائم کر دی گئی ہے، جو ذمہ دار ہوگا کسی ایک آدمی کو نہیں چھوڑا جائے گا۔ سینیٹ اور قومی اسمبلی کی مشترکہ کمیٹی تشکیل دی جائے، پارلیمانی کمیٹی کو تمام باؤنڈ کریں۔ وفاقی وزیر قومی صحت نے کہا کہ صرف یہ 14 بچے نہیں ہیں، ہر سال ایک سے پانچ سال کے 4 لاکھ بچے جان سے جاتے ہیں۔ جب ہم بات کر رہے ہیں 1300 بچے جان سے چلے گئے ہوں گے۔ 14 ماہ کے اندر جو چیز مانگیں گے ہم دینے اور بتانے کے لیے تیار ہیں۔ وفاقی وزیر قانون نے سانحہ پمز پر اسپیشل کمیٹی تشکیل دینے کی تجویز دی، جسے متفقہ طور پر منظور کر لیا گیا۔ قومی اسمبلی کا اجلاس غیر معینہ مدت کے لیے ملتوی کر دیا گیا۔

بقیہ 18

جس میں مختلف سرکاری محکموں کے افسران اور نمائندگان نے شرکت کی۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام کو درپیش مسائل براہ راست سننا، متعلقہ حکام تک پہنچانا اور ان کے حل کے لیے فوری و مؤثر اقدامات کو یقینی بنانا تھا۔ کھلی کچہری میں مانی خواں سمیت ضلع شیرانی کے مختلف علاقوں سے تعلق رکھنے والے شہریوں، عمائدین اور عوامی نمائندگان نے بڑی تعداد میں شرکت کی اور اپنے مسائل و شکایات ڈپٹی کمشنر اور متعلقہ محکموں کے افسران کے سامنے پیش کیں اس موقع پر شہریوں کی جانب سے تعلیم، صحت، آبنوشی، سڑکوں کی تعمیر و مرمت، بجلی، مواصلات، زراعت، بلدیاتی امور، ریونیو، جنگلات، پولیس اور دیگر سرکاری شعبوں سے متعلق مسائل اور مشکلات سے آگاہ کیا گیا ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ نے عوام کی شکایات اور مسائل غور سے سنے اور موقع پر موجود متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کیں کہ عوامی نوعیت کے مسائل کے حل کے لیے ترجیحی بنیادوں پر اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ سرکاری اداروں کی بنیادی ذمہ داری عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی اور ان کی مشکلات کا ازالہ ہے، اس لیے تمام محکمے اپنی ذمہ داریاں احسن انداز میں ادا کریں ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ کھلی کچہری میں پیش کیے گئے مسائل کو محض شکایات تک محدود نہ رکھا جائے بلکہ ان کے حل کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں اور عوام کو ریلیف کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل، بنیادی سہولیات کی بہتری اور شہریوں کو درپیش مشکلات کے ازالے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لا رہی ہے کھلی کچہری میں مختلف سرکاری محکموں کی موجودگی کے باعث شہریوں کو اپنے مسائل براہ راست متعلقہ افسران تک پہنچانے کا موقع ملا، جس سے عوام اور انتظامیہ کے درمیان رابطے کو مزید مؤثر بنانے میں مدد ملی اس موقع پر عوامی حلقوں نے کھلی کچہری کے انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ اس طرح کے اقدامات سے شہریوں کو اپنے مسائل براہ راست ضلعی انتظامیہ کے سامنے پیش کرنے کا موقع ملتا ہے، جبکہ انتظامیہ کو بھی علاقے کے زمینی مسائل اور عوامی ضروریات سے براہ راست آگاہی حاصل ہوتی ہے۔ ڈپٹی کمشنر کلیم اللہ نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی مسائل کے حل اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ضلعی انتظامیہ اپنی کوششیں جاری رکھے گی، جبکہ مختلف محکموں کے درمیان مؤثر رابطہ اور باہمی تعاون کے ذریعے عوامی شکایات کے بروقت ازالے کو یقینی بنایا جائے گا۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق عوامی خدمت، مسائل کا فوری حل اور شہریوں کو بہتر سہولیات کی فراہمی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔

بقیہ 19

کی اجلاس میں مختلف محکموں کی کارکردگی، جاری ترقیاتی منصوبوں سرکاری اثاثہ جات ملازمین کی حاضری اور ٹریفک کے نظام سمیت دیگر اہم امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کے دوران بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو BSDI کے تحت ضلع نصیر آباد میں جاری اور مکمل ہونے والے مختلف تعمیراتی و ترقیاتی منصوبوں کے حوالے سے پیش رفت سے متعلق بریفنگ دی گئی ڈپٹی کمشنر نے متعلقہ افسران سے منصوبوں کی موجودہ صورتحال تعمیراتی معیار، تکمیل کی رفتار اور عوام کو فراہم ہونے والے فوائد کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کیں اور ہدایت کی کہ ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل کے ساتھ ساتھ تعمیراتی معیار پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کیا جائے ڈپٹی کمشنر ویندر لعل نے تمام ضلعی محکموں کے سربراہان کو ہدایت کی کہ وہ اپنے اپنے محکموں کے سرکاری اثاثہ جات گاڑیوں، مشینری، دستیاب وسائل ملازمین کی مجموعی تعداد اور دیگر ضروری معلومات پر مشتمل مکمل تفصیلات ضلعی انتظامیہ کو فراہم کریں تاکہ تمام سرکاری وسائل کا درست ریکارڈ مرتب کرتے ہوئے ان کے مؤثر اور شفاف استعمال کو یقینی بنایا جا سکے انہوں نے افسران پر یہ بھی زور دیا کہ اپنے محکموں میں افسران و اہلکاران کی حاضری کو یقینی بنایا جائے اور مسلسل غیر حاضر رہنے والے افسران و اہلکاران کی مکمل تفصیلات بھی ضلعی انتظامیہ کو فراہم کی جائیں انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری اداروں میں افسران و اہلکاران کی بروقت حاضری اور فرائض کی انجام دہی عوام کو بہتر اور فوری سہولیات کی فراہمی کے لیے نہایت ضروری ہے اجلاس میں ٹریفک کے نظام کو مزید بہتر اور فعال بنانے کے حوالے سے بھی تفصیلی گفتگو کی گئی ڈپٹی کمشنر نے ایس پی ٹریفک کو ہدایت کی کہ شہر میں ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے غیر قانونی پارکنگ تجاوزات اور ٹریفک کی رکاوٹوں کے خاتمے سمیت ٹریفک نظام کو مؤثر بنانے کے لیے کیے گئے اقدامات اور آئندہ کے لائحہ عمل سے متعلق تفصیلی رپورٹ پیش کی جائے اس موقع پر چیف آفیسر میونسپل کمیٹی اور دیگر متعلقہ افسران کو ہدایت کی گئی کہ شہر کے پرانے بس و ویگن اسٹینڈ کو بند کر کے نئے بس ٹرمینل کو مکمل طور پر فعال بنایا جائے اور بسوں، ویگنوں اور دیگر پبلک ٹرانسپورٹ کے نظام کو نئے بس ٹرمینل میں منتقل کرنے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ نئے بس ٹرمینل کو فعال بنانے سے شہر کے مرکزی علاقوں میں ٹریفک کے دباؤ میں کمی آئے گی ٹریفک کی روانی بہتر ہوگی اور مسافروں کو بھی بہتر سفری سہولیات میسر آئیں گی انہوں نے کہا کہ پبلک ٹرانسپورٹ کو ایک منظم مقام پر منتقل کرنے سے سڑکوں اور اہم شاہراہوں پر غیر ضروری رش اور ٹریفک میں خلل پیدا ہونے کے واقعات پر بھی قابو پانے میں مدد ملے گی انہوں نے مزید ہدایت کی کہ نئے بس ٹرمینل کے اطراف ریڑھی بانوں اور دیگر تجاوزات کے حوالے سے بھی مناسب انتظام کیا جائے تاکہ شہر میں ٹریفک کی روانی متاثر نہ ہو اور شہریوں کو آمد و رفت میں مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ تمام امور کو باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت پایہ تکمیل تک پہنچایا جائے ڈپٹی کمشنر ویندر لعل نے اس عزم کا اظہار کیا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو بہتر سہولیات کی فراہمی سرکاری اداروں کی کارکردگی میں بہتری ترقیاتی منصوبوں کی مؤثر نگرانی اور شہر میں ٹریفک کے نظام کو منظم بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے گی

بقیہ 20

انچارج عتیقہ بلوچ اور فیکلٹی ممبر سمیعہ کریم کی قیادت میں طلبہ نے فشریز مینجمنٹ، پائیدار ماہی گیری، بلیو اکانومی، جنگلی حیات کے تحفظ اور ماحولیاتی نظام کے انتظام سے متعلق عملی معلومات حاصل کیں فشریز اینڈ کوسٹل ڈویلپمنٹ میں اسسٹنٹ ڈائریکٹر صفیر زمان، شاہ فہد، اور عملے نے طلبہ کو فشریز کے انتظام اور پیشہ ورانہ مواقع، جبکہ محکمہ جنگلات وجنگلی حیات میں ڈپٹی کنزرویٹر اسداللہ نے حیاتیاتی تنوع، ماحولیاتی تحفظ اور شجرکاری کی اہمیت پر بریفنگ دی۔ اس موقع پر طلبہ میں پودے بھی تقسیم کیے گئے گوادر منی پورٹ فش ہاربر میں انجینئر لیاقت بلوچ نے طلبہ کو مچھلی کی لینڈنگ، ہینڈلنگ، نیلامی اور مارکیٹنگ کے عملی مراحل سے آگاہ کیا یونیورسٹی انتظامیہ کے مطابق یہ مطالعاتی دورہ حکومتی تعلیمی پالیسی کے تحت عملی و تجرباتی تعلیم کے فروغ کی جانب اہم قدم ہے، جس سے طلبہ میں سائنسی مشاہدہ، عملی مہارت اور پیشہ ورانہ استعداد کو فروغ ملتا ہے۔ جامعہ نے متعلقہ محکموں کے افسران و عملے کے تعاون اور رہنمائی پر شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 21

کی فضل الرحمن کبدانی کی زیر صدارت تحصیل دکی کے عوام کے مسائل ان کی دہلیز پر سننے اور ان کے فوری حل کے لیے نظامی پبلک ہائی سکول دکی میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ کھلی کچہری میں کمانڈر 87 ونگ کرنل شاہد بلال، ایس پی دکی منصور احمد بزدار، اسسٹنٹ کمشنر دکی محمد اکرم حریفال سمیت تمام متعلقہ محکموں کے ضلعی افسران نے شرکت کی۔ کھلی کچہری کا مقصد عوام اور ضلعی انتظامیہ کے درمیان براہ راست رابطے کو مزید مؤثر بنانا اور شہریوں کو اپنے مسائل و شکایات کے اظہار کے لیے ایک باقاعدہ اور کھلا پلیٹ فارم فراہم کرنا تھا۔ کھلی کچہری کا آغاز تلاوت قرآن پاک سے ہوا، جس کے بعد علاقہ مکینوں نے بڑی تعداد میں شرکت کرتے ہوئے صاف پانی کی فراہمی، تعلیم، صحت، سڑکوں کی تعمیر و مرمت، نکاسی آب، معذور افراد کے لیے ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر کے قیام اور دیگر بنیادی شہری سہولیات سے متعلق اپنے مسائل اور مشکلات ڈپٹی کمشنر کے سامنے پیش کیے۔ ڈپٹی کمشنر فضل الرحمن کبدانی نے شہریوں کے مسائل اور شکایات کو توجہ اور تحمل سے سنا اور موقع پر موجود متعلقہ محکموں کے ضلعی سربراہان سے ہر مسئلے کے حوالے سے تفصیلات اور موجودہ صورتحال دریافت کی۔ انہوں نے متعلقہ افسران کو عوامی مسائل کے فوری ازالے، دستیاب وسائل کے مؤثر استعمال اور زیر التوا معاملات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے ضروری ہدایات جاری کیں۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقع پر واضح کیا کہ ضلعی انتظامیہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور ان کے جائز مسائل کے حل کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھا رہی ہے اور کھلی کچہریوں کے انعقاد کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 22

کے دوران حکومت کی جانب سے کھاد کی فروخت پر عائد پابندی اور دیگر مقررہ ضوابط پر عملدرآمد کا جائزہ لیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر نے دکانداروں کے لائسنس و ضروری دستاویزات، کھاد کے وزن، زرعی اسپرے کے معیار و ایکسپائری ڈیٹ، بیج کے معیار اور مقررہ نرخوں کی چیکنگ کی۔ چیکنگ کے دوران مکمل کاغذات نہ رکھنے والے ڈیلرز کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے جرمانے عائد کیے گئے، جبکہ ایک دکان کو سیل کر دیا گیا۔ اسسٹنٹ کمشنر فہد حسین عمرانی نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ کھاد، بیج اور زرعی اسپرے کی فروخت میں حکومتی قوانین، معیار اور مقررہ نرخوں کی مکمل پابندی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ خلاف ورزی کی صورت میں قانون کے مطابق سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

بقیہ 23

یب کے دوران ڈپٹی کمشنر نے ہندو جنرل پنچایت کی متفقہ طور پر منتخب ہونے والی تین سالہ نئی کابینہ کے عہدیداران سے حلف لیا تقریب میں ہندو برادری کے معززین، پنچایت کے اراکین، نوجوانوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے شرکت کی متفقہ طور پر منتخب ہونے والی کابینہ میں مکھی مانک لال پریانی چیئرمین، سیٹھ [illegible] اجوانی واس چیئرمین، سیٹھ تارا چند کالرا صدر، گھنشام داس نگر بیجا سینئر نائب صدر جبکہ دیگر عہدیداران بھی شامل ہیں اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نصیر آباد ویندر لعل نے نومنتخب کابینہ کے عہدیداران کو مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ حلف محض چند الفاظ کا مجموعہ نہیں بلکہ ایک اہم ذمہ داری، عہد اور اعتماد کی علامت ہے نومنتخب عہدیداران پر لازم ہے کہ وہ اپنے حلف کی پاسداری کرتے ہوئے ہندو برادری کی فلاح و بہبود، اجتماعی مسائل کے حل اور بنیادی حقوق کے حصول کے لیے مثبت اور تعمیری کردار ادا کریں انہوں نے کہا کہ ہندو جنرل پنچایت ایک اہم نمائندہ فورم کی حیثیت رکھتی ہے اس لیے کابینہ کے اراکین کو باہمی اتحاد، اتفاق رائے، مشاورت اور افہام و تفہیم کے ذریعے برادری کے مسائل کو متعلقہ فورم تک پہنچانا چاہیے ضلعی انتظامیہ بھی عوامی مسائل کے حل اور اقلیتی برادری کو درپیش جائز مشکلات کے ازالے کے لیے اپنی ذمہ داریاں پوری کرے گی ڈپٹی کمشنر ویندر لعل نے کہا کہ موجودہ ملکی صورتحال اور جدید دور کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے نوجوان نسل کے لیے اعلیٰ تعلیم کا حصول ناگزیر ہے نوجوان اپنی تعلیم پر خصوصی توجہ دیں جدید علوم اور فنی مہارتیں حاصل کریں اور اپنی صلاحیتوں کو مثبت انداز میں بروئے کار لاتے ہوئے معاشرے اور ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں انہوں نے کہا کہ پاکستان میں اقلیتی برادری ملکی آبادی کا ایک اہم حصہ ہے اور ماضی میں ہندو برادری کی بڑی تعداد نے کاروبار اور تجارت کے شعبے میں نمایاں خدمات انجام دی ہیں تاہم موجودہ دور مسابقت اور جدید تعلیم و مہارت کا دور ہے اس لیے ضروری ہے کہ نوجوان نسل کاروبار اور تجارت کے ساتھ ساتھ تعلیم ٹیکنالوجی جدید ہنر اور دیگر پیشہ ورانہ شعبوں میں بھی آگے بڑھے تاکہ وہ نہ صرف اپنے خاندان اور برادری بلکہ ملک کی تعمیر و ترقی میں بھی مؤثر کردار ادا کر سکیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ معاشرے کی ترقی میں نوجوانوں کا کردار بنیادی اہمیت رکھتا ہے اس لیے والدین برادری کے بزرگوں اور منتخب نمائندہ اداروں کو چاہیے کہ وہ نوجوانوں کی تعلیم تربیت اور رہنمائی پر خصوصی توجہ دیں اور انہیں مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کریں۔ تقریب کے اختتام پر ہندو جنرل پنچایت ڈیرہ مراد جمالی کی نومنتخب کابینہ کے عہدیداران نے اس عزم کا اظہار کیا کہ وہ باہمی اتحاد اتفاق مشاورت اور اجتماعی سوچ کو فروغ دیتے ہوئے ہندو برادری کے اجتماعی مسائل کے حل فلاح و بہبود تعلیم کے فروغ اور نوجوان نسل کی بہتر رہنمائی کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے انہوں نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ برادری کے تمام طبقات کو ساتھ لے کر چلتے ہوئے معاشرے میں بھائی چارے رواداری اور باہمی احترام کی فضا کو مزید مضبوط بنایا جائے گا۔

بقیہ 24

کوآرڈینیٹر نور احمد سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں ضلع کیچ کے مختلف ترقیاتی امور، مشترکہ ضلعی ترقیاتی منصوبوں اور رائز پروگرام کے تحت مقررہ اہداف پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ شرکاء نے پروگرام کے مقررہ اہداف کو بروقت، مؤثر اور شفاف انداز میں مکمل کرنے کے عزم کا اظہار کیا۔ اس موقع پر رائز پروگرام کے تحت ضلع کیچ کی تین رجسٹرڈ سماجی تنظیموں میں مالی معاونت کے چیکس بھی تقسیم کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے متعلقہ سماجی تنظیموں کے نمائندگان میں مالی معاونت کے چیکس تقسیم کیے۔ اجلاس میں بی آر ایس پی کیچ کے انچارج نور احمد اور ضلعی پروجیکٹ کوآرڈینیٹر نے منصوبے کے مختلف پہلوؤں، پیش رفت اور آئندہ کے لائحہ عمل کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی نے اس موقع پر کہا کہ ضلع میں جاری ترقیاتی منصوبوں اور سماجی بہبود کے پروگراموں پر مؤثر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے تاکہ ان کے ثمرات حقیقی معنوں میں مقامی آبادی تک پہنچ سکیں۔ انہوں نے متعلقہ محکموں اور اداروں پر زور دیا کہ وہ باہمی تعاون، مؤثر رابطہ کاری اور ذمہ داری کے ساتھ مقررہ اہداف کے حصول کے لیے اپنی کاوشیں جاری رکھیں۔ اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ ضلع کیچ میں ترقیاتی اور سماجی بہبود کے منصوبوں پر مؤثر عملدرآمد، مقررہ اہداف کی بروقت تکمیل اور عوام کو ان منصوبوں کے ثمرات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے تمام متعلقہ ادارے باہمی تعاون سے اپنا کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 25

ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق نجک نے متعلقہ حکام کو سخت ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ محلے کے مکینوں کو پینے کے پانی کی بلاتعطل اور بروقت فراہمی ہر صورت یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیح ہے اور اس ضمن میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 26

سے متعلق امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ دونوں حکام نے ضلع میں امن، استحکام اور ترقی کے لیے مشترکہ کاوشوں کو مزید مؤثر بنانے اور پائیدار امن کے قیام کے لیے ہر ممکن تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اظہار کیا۔

بقیہ 27

میں داخلی و خارجی راستوں سمیت مختلف اہم مقامات پر سخت چیکنگ کی جا رہی ہے۔ چیکنگ کے دوران مشکوک افراد، گاڑیوں اور موٹر سائیکلوں کی تلاشی کے ساتھ شناختی کارڈز، ڈرائیونگ لائسنس اور گاڑیوں کے کاغذات کی جانچ پڑتال کی جا رہی ہے۔ غیر قانونی ڈارک شیشوں کے خلاف بھی کارروائی کرتے ہوئے متعدد گاڑیوں سے ڈارک شیشے اتار دیے گئے اور خلاف ورزی کرنے والے ڈرائیوروں کو سخت تنبیہ کی گئی۔ پولیس کے مطابق سنیپ چیکنگ کا مقصد جرائم پیشہ اور مشتبہ عناصر کی نقل و حرکت کی مؤثر نگرانی، جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانا ہے۔

بقیہ 28

سے مقررکردہ نرخوں کی خلاف ورزی کرتے ہوئے آٹا مہنگے داموں فروخت کرنے والے متعدد دکانداروں کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی اور ان پر بھاری جرمانے عائد کیے گئے جبکہ خلاف ورزی کے مرتکب دو آٹا شاپس کو سیل کر دیا گیا اسسٹنٹ کمشنر استا محمد رمضان اشتیاق نے دکانداروں کو سختی سے ہدایت کی کہ وہ حکومت کی جانب سے مقررکردہ نرخ نامے کے مطابق آٹا اور دیگر اشیائے ضروریہ فروخت کریں اور عوام سے مقررہ قیمت سے زائد وصولی ہرگز نہ کی جائے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سرکاری نرخوں کی خلاف ورزی، مصنوعی مہنگائی یا عوام کو ناجائز منافع خوری کے ذریعے لوٹنے کی کسی صورت اجازت نہیں دی جائے گی اور خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف قانون کے مطابق بلاامتیاز کارروائی جاری رکھی جائے گی۔ واضح رہے کہ آج منعقدہ کھلی کچہری کے دوران شہریوں کی جانب سے ڈپٹی کمشنر استا محمد رمضان پلال کو آٹا مہنگے داموں فروخت کیے جانے کی متعدد شکایات پیش کی گئی تھیں۔ ڈپٹی کمشنر نے عوامی شکایات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر استا محمد کو ہدایت جاری کی کہ آٹا کی قیمتوں کی چیکنگ کی جائے اور سرکاری نرخوں کی خلاف ورزی کرنے والے دکانداروں کے خلاف فوری کارروائی عمل میں لائی جائے ڈپٹی کمشنر کی ہدایات پر فوری عملدرآمد کرتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر نے فیلڈ میں کارروائی کی جس کے نتیجے میں متعدد دکانداروں کو جرمانے کیے گئے جبکہ دو آٹا شاپس کو سیل کر دیا گیا ڈپٹی کمشنر استا محمد رمضان پلال نے کہا ہے کہ عوام کو مقررہ سرکاری نرخوں پر اشیائے ضروریہ کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی اولین ترجیحات میں شامل ہے انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ وہ بازاروں میں باقاعدگی سے قیمتوں کی نگرانی کریں تاکہ شہریوں کو ناجائز منافع خوری اور گرانفروشی سے تحفظ فراہم کیا جا سکے۔

بقیہ 29

اجیکٹ کی مجموعی کارکردگی، پیداواری، سرگرمیوں اور دیگر متعلقہ امور سے آگاہ کیا گیا۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن کو دوران بریفنگ بتایا گیا دودر پراجیکٹ (ProjectLeadandZincDuddar) پاکستان کا پہلا اور سب سے بڑا زیر زمین دھاتی مائننگ پراجیکٹ ہے، جو بلوچستان میں زنک (جست) اور لیڈ (سیسہ) نکالنے کے لیے ضلع لسبیلہ کی تحصیل کنراج میں قائم کیا گیا یہ منصوبہ پاکستان منرل ڈیولپمنٹ کارپوریشن (PMDC) اور حکومت بلوچستان کی چینی مائننگ کمپنی کے ساتھ جوائنٹ وینچر شراکت داری کے تحت قائم ہے۔ اس مائن کو MiningDuddarHuayeMCC (MHD)Company چلاتی ہے پاکستان کی تاریخ کا پہلا مکمل فعال انڈر گراؤنڈ (زیر زمین) میٹل مائننگ پراجیکٹ ہے بریفنگ میں چینی حکام نے کمشنر لسبیلہ ڈویژن کو بتایا گیا کہ مائننگ کان سے نکالے جانے والے مواد کو صاف کر کے زنک کنسنٹریٹ اور لیڈ کنسنٹریٹ تیار کیا جاتا ہے، جسے بعد میں برآمد یا پراسس کیا جاتا ہے۔ کمشنر لسبیلہ ڈویژن اور ڈی آئی جی لسبیلہ نے پراجیکٹ کی مجموعی سکیورٹی، امن وامان، سکیورٹی انتظامات، CSR (کارپوریٹ سماجی ذمہ داری) اقدامات، حفاظتی انتظامات اور دیگر متعلقہ امور کا جائزہ لیا اور پراجیکٹ انتظامیہ سے مختلف امور پر سوالات کیے۔ اس موقع پر ضلعی انتظامیہ اور پولیس حکام نے پراجیکٹ کی سکیورٹی اور دیگر انتظامی امور کے حوالے سے پراجیکٹ مینجمنٹ کو مکمل تعاون کی یقین دہانی کرائی۔

بقیہ 30

ng)، سی ٹی ڈی (CTD)، اسپیشل برانچ اور انٹیلی جنس بیورو (IB) — نے بالخصوص شرکت کر کے کیس کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اجلاس کے دوران لاپتہ علی اکبر کے معاملے پر اب تک کی جانے والی کارروائیوں کا جامع جائزہ لیا گیا اور تمام اداروں کی جانب سے باہمی معلومات کے تبادلے کو مزید تیز کرنے پر اتفاق ہوا۔ ایس پی ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ جکھرانی نے تمام پولیس افسران اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے نمائندوں کو ہدایت کی کہ وہ اپنی تمام تر توانائیاں اور جدید سائنسی و انٹیلی جنس وسائل بروئے کار لاتے ہوئے کیس کی سراغ رسانی کو یقینی بنائیں اجلاس کے اختتام پر اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ شہری علی اکبر کی حفاظت اور اس کی جلد بازیابی کے لیے ضلع انتظامیہ، پولیس اور تمام سکیورٹی ادارے مکمل یکسوئی اور باہمی تعاون کے ساتھ متحرک ہیں، اور اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی غفلت یا تاخیر برداشت نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 31

حل کے احکامات جاری کیے تھے جس کے نتیجے میں لائبریری میں بجلی کی بحالی، پنکھوں کی تنصیب اور دیگر ضروری سامان کی فراہمی کو یقینی بنایا گیا کھلی کچہری کے دوران طلبہ نے ڈپٹی کمشنر سے لائبریری کا دورہ کرنے کی بھی درخواست کی تھی جس پر ڈپٹی کمشنر ویندر لعل نے آج لائبریری کا دورہ کیا اس موقع پر انہوں نے طلبہ سے لائبریری میں فراہم کی جانے والی سہولیات اور درپیش کسی بھی نئے مسئلے کے بارے میں دریافت کیا طلبہ نے لائبریری میں بنیادی سہولیات کی فوری بحالی اور ضروری سامان کی فراہمی پر ڈپٹی کمشنر ویندر لعل کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی جانب سے طلبہ کے مسائل کو سنجیدگی سے لیتے ہوئے بروقت اقدامات کیے گئے جس سے انہیں مطالعہ کے لیے بہتر اور سازگار ماحول میسر آیا ہے اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نصیر آباد ویندر لعل نے کہا کہ تعلیم اور علم کے زیور سے آراستہ ہوئے بغیر معاشرے اور ملک کو ترقی کی منازل طے کرانا ممکن نہیں انہوں نے کہا کہ لائبریریاں علم کا خزانہ ہیں جہاں طلبہ کو مختلف موضوعات کا مطالعہ کرنے اپنی معلومات میں اضافہ کرنے اور اپنی صلاحیتوں کو نکھارنے کے مواقع میسر آتے ہیں انہوں نے طلبہ پر زور دیا کہ وہ لائبریری کی سہولیات سے بھرپور استفادہ کریں مطالعہ کو اپنی روزمرہ زندگی کا حصہ بنائیں اور اپنی تعلیم پر خصوصی توجہ مرکوز کریں ان کا کہنا تھا کہ نوجوان نسل ہی ملک و قوم کا مستقبل ہے اس لیے انہیں معیاری تعلیم اور بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی ضلعی انتظامیہ کی ترجیحات میں شامل ہے ڈپٹی کمشنر نے اس عزم کا بھی اظہار کیا کہ طلبہ کو درپیش جائز مسائل کے حل اور تعلیمی اداروں و لائبریریوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے ضلعی انتظامیہ اپنی ذمہ داریاں پوری کرتی رہے گی۔

بقیہ 32

نگ کمانڈر 155 ونگ کرنل زیشان، میجر عامر، ایکسین، اسسٹنٹ کمشنر شیر شاہ لطرزئی، ایریگیشن عمیر علی، ایکسین پی ایچ ای تیمور آغا، تحصیلدار نور احمد کاکڑ، لائن سپرنٹنڈنٹ کیسکو اسرار احمد، سب انجینئر پی ایچ ای عبدالغنی اور نمائندہ میونسپل کمیٹی زیارت میرا جان نے شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ بی ایس ڈی آئی فیز ون کی تمام 11 سکیمات کامیابی کیساتھ مکمل ہو چکی ہیں۔ اجلاس میں مزید بتایا گیا کہ بی ایس ڈی آئی فیز ٹو کی 37 سکیمات میں سے 22 سکیمات مکمل ہو چکی ہیں، باقی سکیمات پر 90 فیصد سے زائد پیش رفت ہو چکی ہے، جبکہ بی ایس ڈی آئی فیز تھری میں بھی عوامی فلاح و بہبود سے متعلق اہم ترقیاتی سکیمات شامل ہیں جس کی ٹینڈرنگ پروسس جاری ہے اور جلد کاموں کا آغاز کیا جائے گا۔ ڈپٹی کمشنر نے ہدایت کی کہ بلوچستان اسپیشل ڈویلپمنٹ انیشیٹو کے تحت جاری تمام ترقیاتی منصوبے بروقت، شفاف اور اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ ناقص اور غیر معیاری کام کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا۔

بقیہ 33

پیانہ جواب دے گیا سینکڑوں افراد نے قومی شاہراہ کو بلاک کر دیا گیا سندھ اور بلوچستان کے درمیان چلنے والی ٹریفک معطل سینکڑوں چھوٹی بڑی گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئی پولیس ڈیرہ مراد جمالی میں کیسکو کی جانب سے آئے روز بجلی کی بندش ٹرانسفارمرز کو غیر قانونی بند کرتے بلوں کے نام پر مبینہ طور پر بھتہ وصولی اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خلاف مولانا نواب الدین ڈوکی کی قیادت میں سینکڑوں افراد ڈیرہ مراد جمالی کے مزدور چوک پر دھرنا دیکر قومی شاہراہ کو بلاک کر دیا گیا مظاہرین نے ٹائروں کو آگ لگادی اور ہر طرح کی ٹریفک بند کر دی قومی شاہراہ بلاک ہونے سے سندھ اور بلوچستان کے درمیان چلنے والی ٹریفک معطل ہو کر رہ گئی اور سینکڑوں چھوٹی بڑی گاڑیوں کی لمبی قطاریں لگ گئی مسافروں کو سخت گرمی میں سخت مشکلات کا سامنا کرنا پڑا واقعے کی اطلاع پر مقامی پولیس افسران و انتظامی افسران موقع پر پہنچ گئے اور مظاہرین سے کامیاب مذاکرات کے بعد روڈ کو کھول دیا گیا۔

بقیہ 34

کے بچوں کو پولیو کے قطروں سمیت متعلقہ امیونائزیشن پروگرامز کے تحت ویکسین کی فراہمی کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے، تاکہ کوئی بھی اہل بچہ حفاظتی ویکسین سے محروم نہ رہے۔ ڈپٹی کمشنر حبیب احمد لنگوی نے متعلقہ محکموں کو ہدایت دی کہ پولیو مہم کے دوران ٹیموں کی بروقت تعیناتی، بچوں کی مکمل کوریج، ویکسینیشن ریکارڈ کی تکمیل اور فیلڈ میں مؤثر نگرانی یقینی بنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ پولیو کا مکمل خاتمہ مشترکہ قومی ذمہ داری ہے، جس کے لیے والدین، اساتذہ، علماء، انتظامیہ اور تمام متعلقہ اداروں کا تعاون ناگزیر ہے۔ اجلاس میں پولیو ٹیموں اور فیلڈ اسٹاف کی سکیورٹی کے لیے جامع انتظامات، حساس علاقوں میں اضافی نفری کی تعیناتی اور مہم کے دوران سکیورٹی و انتظامی امور کو مؤثر بنانے کے حوالے سے بھی اہم فیصلے کیے گئے۔ ڈپٹی کمشنر نے تمام متعلقہ افسران کو ہدایت کی کہ باہمی رابطے اور مربوط حکمت عملی کے تحت فرائض انجام دیے جائیں، تاکہ ضلع چمن میں ہر اہل بچے تک پولیو ویکسین کی رسائی یقینی بنائی جا سکے

بقیہ 35

گئے پولیس جائے وقوعہ پر پہنچ گئی اور لاش اپنی تحویل میں لیکر ہسپتال منتقل کردی گئی جبکہ واقعے کے بارے میں پولیس مزید تحقیقات شروع کردی۔

رشوت ستانی نہ صرف انتظامی نظام کی شفافیت کو متاثر کرتی ہے بلکہ معاشرے میں میرٹ دیانت داری اور انصاف کی بنیادوں کو بھی متزلزل کرتی ہے

میرٹ کی پامالی اور رشوت خوری عوام کے حقوق پر ڈاکا ہے، جمعیت کوئٹہ

سرکاری دفاتر میں جائز امور کی انجام دہی کے لیے بھی سفارش اور رشوت کا سہارا لینا معاشرے میں بدعنوانی، ناانصافی اور حق تلفی کے فروغ کا باعث بن رہا ہے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمن رفیق، سیکرٹری جنرل حاجی مین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، مولانا محب اللہ، مولانا محمد ایوب، شیخ مولانا عبدالاحد محمد حسنی، مولانا سعید احمد، حافظ سراج الدین، مفتی محمد روزی خان بادیزئی، مولانا محمد شعیب جدون، رحیم الدین ایڈووکیٹ اور مولانا محمد عارف شمشیر نے کہا ہے کہ سرکاری دفاتر میں جائز امور کی انجام دہی کے (باقی صفحہ 3 نمبر 38)

قومی اسمبلی اجلاس، رکن اسلم بھنڈارا کی والدہ کی وفات پر ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی

اسلام آباد (یو این اے) قومی اسمبلی میں رکن اسلم بھنڈارا کی والدہ کی وفات پر ایک منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی۔ جمعہ کو ڈپٹی اسپیکر سید غلام مصطفی شاہ نے کہا کہ سابق رکن ایم پی بھنڈارا کی اہلیہ اور رکن اسلم یار بھنڈارا کی والدہ وفات پا گئی ہیں۔ ان کے احترام میں ایوان میں (باقی صفحہ 3 نمبر 37)

استامحمد میں سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت

ناجائز منافع خوری اور زائد نرخوں پر فروخت برداشت نہیں ہوگی، اسسٹنٹ کمشنر

استامحمد (خ ن) سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے ناجائز منافع خوری اور زائد نرخوں پر اشیائے خورونوش کی فروخت کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی اسسٹنٹ کمشنر استامحمد واضح رہے کہ ڈپٹی کمشنر استامحمد محمد رمضان پلال کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر استامحمد محمد رمضان اشتیاق کی زیر صدارت آج پرائس کنٹرول کمیٹی کا اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں انجمن تاجران کے نمائندگان اور متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس کے دوران ضلع بھر میں اشیائے خورونوش کی قیمتوں بالخصوص آٹے کے نرخوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اس موقع پر موجود مارکیٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 39)

بلوچستان میں صحافت مشکل ترین کام بن گیا، منظور احمد رند

معاشرے میں امن، جمہوریت، آزادی اظہار اور عوامی حقوق کیلئے جانوں کا نذرانہ پیش کرنیوالوں کی قربانیاں ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی، سیمینار سے خطاب

بلوچستان میں 40 سے زائد صحافیوں نے فرائض کی انجام دہی کے دوران شہادت نوش کیا، بلوچستان میں شعبہ صحافت کو مشکلات کا سامنا ہے

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان یونین آف جرنلسٹس (بی یو جے) کے زیر اہتمام یوم شہدا صحافت بلوچستان کی مناسبت سے کوئٹہ پریس کلب میں ایک سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں صحافیوں، وکلا، انسانی حقوق کے نمائندوں، سماجی کارکنوں، تجزیہ نگاروں اور شہدا کے لواحقین نے شرکت کی۔ سیمینار سے بی یو جے کے صدر منظور احمد رند، پی ایف یو جے کے سینئر نائب صدر نورالہی بگٹی، کوئٹہ پریس کلب کے صدر عرفان سعید (باقی صفحہ 3 نمبر 36)

دہشتگردوں کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائیگا، صوبائی وزیر داخلہ

بلوچستان کے عوام، قبائلی عمائدین، پولیس اور دیگر سیکیورٹی ادارے دہشتگردی کیخلاف متحد ہیں، دہشتگردی کیخلاف جنگ کو منطقی انجام تک پہنچایا جائیگا

بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں، صوبے کو امن، ترقی اور خوشحالی کی راہ پر گامزن رکھا جائے گا

کوئٹہ (اے این این) صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے کہا ہے کہ صوبے میں امن و امان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت کی اولین ترجیح ہے، دہشتگردی اور بدامنی پھیلانے والے عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید موثر انداز میں جاری رکھی جائیں گی۔ بلوچستان کو درپیش سیکیورٹی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے حکومت، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور عوام ایک صفحے پر ہیں۔ دہشتگردوں اور (باقی صفحہ 3 نمبر 1)

اسلام آباد، بلوچستان سے تعلق رکھنے والی صحافی میر وراجپوت اختر جان قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے ملاقات کر رہے ہیں

تمبو کے علاقے میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) تمبو کے علاقے میں مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک ملزمان فرار ہوگئے پولیس کے مطابق نصیرآباد کے علاقے تمبو بابا کوٹ پولیس تھانے کی حدود میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک ہوگیا واقعے کے بعد ملزمان فرار ہو (باقی صفحہ 3 نمبر 35)

بغیر لائسنس ماہی گیری پر قانونی کارروائی ہوگی، محکمہ فشریز

گوادر کے ماہی گیروں کو 15 روز میں لائسنس اور کشتیوں کی رجسٹریشن کی تصدیق کی ہدایت

گوادر (خ ن) حکومت بلوچستان کے احکامات اور ہدایات پر ضلعی انتظامیہ گوادر کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق ضلع گوادر کی سمندری حدود میں ماہی گیری کرنے والے تمام ماہی گیروں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ 15 روز کے اندر محکمہ فشریز گوادر کے دفتر سے ماہی گیری کا لائسنس حاصل کریں اور اپنی کشتیوں کی رجسٹریشن کی لازمی طور پر تصدیق کروائیں۔ محکمہ فشریز کے حکام نے واضح کیا ہے کہ مقررہ مدت کے اندر لائسنس حاصل نہ کرنے اور کشتیوں کی رجسٹریشن کی تصدیق مکمل نہ کروانے والے ماہی گیروں کے خلاف قواعد و ضوابط کے مطابق قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

پولیو کا مکمل خاتمہ مشترکہ قومی ذمہ داری ہے، ڈپٹی کمشنر چمن

چمن میں پولیو ٹیموں کی سیکیورٹی کے لیے اضافی نفری تعینات ہوگی

تاکہ ضلع چمن میں ہر اہل بچے تک پولیو ویکسین کی رسائی یقینی بنائی جاسکے

چمن (خ ن) ضلع چمن میں آئندہ پولیو مہم کی تیاریوں، سیکیورٹی انتظامات اور بچوں کی مؤثر ویکسینیشن کے حوالے سے اہم اجلاس ڈپٹی کمشنر چمن حبیب احمد بنگلزئی کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں اے ڈی سی چمن فدا احمد بلوچ سمیت متعلقہ افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ اسکولوں اور مدارس میں زیر تعلیم 5 سے 10 سال تک عمر (باقی صفحہ 3 نمبر 34)

زیارت: پی ایس ڈی پی فیز ون کی تمام 11 ترقیاتی اسکیمیں مکمل

ترقیاتی منصوبے بروقت اور اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیے جائیں، ڈپٹی کمشنر زیارت

زیارت (خ ن) ڈپٹی کمشنر زیارت، عبدالقدوس اچکزئی کی زیر صدارت پی ایس ڈی پی فیز ون، فیز ٹو اور فیز تھری کی ترقیاتی سکیمات کے حوالے سے ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی و ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ کمیٹی کا جائزہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں لیفٹیننٹ کرنل رو (باقی صفحہ 3 نمبر 32)

سرکاری فرائض میں ٹیم ورک اور باہمی تعاون بنیادی اہمیت رکھتے ہیں، کمشنر کوئٹہ

کوئٹہ ڈویژن میں تعیناتی کے دوران انہیں افسران اور عملے کا بھرپور تعاون حاصل رہا، سرکاری فرائض کی انجام دہی میں ٹیم ورک اور باہمی تعاون بنیادی اہمیت رکھتے ہیں

کوئٹہ ڈویژن میں اپنے دور تعیناتی کے دوران عوامی مسائل کے حل، انتظامی امور میں بہتری اور حکومتی اقدامات پر موثر عملدرآمد کیلئے بھرپور کوششیں کیں

کوئٹہ (خ ن) کمشنر آفس کوئٹہ میں ٹرانسفر ہونے والے کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کے اعزاز میں ایک پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ ڈویژن آغا سمیع اللہ، اسسٹنٹ کمشنر ریونیو کوئٹہ سید کلیم اللہ، سیکرٹری آر ٹی اے کوئٹہ نعمت اللہ، ڈائریکٹر آئی ٹی محب اللہ کے علاوہ سپرنٹنڈنٹ صاحبان، سرکاری افسران، کمشنر آفس کے افسران و اہلکاروں اور دیگر متعلقہ نے شرکت کی۔ تقر (باقی صفحہ 3 نمبر 2)

ڈیرہ مراد جمالی میں بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کے خلاف شہریوں نے قومی شاہراہ کو بلاک کردیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی میں بجلی کی طویل بندش اور غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ کے خلاف شہریوں کا صبر کا (باقی صفحہ 3 نمبر 33)

ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہراللہ بادینی 31 اگست سے شروع ہونے والی انسداد پولیو اور ویکسینیشن مہم کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اوتھل ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول کی کرکٹ ٹیم پی سی بی کیلئے منتخب

کھیلوں کے ٹیلنٹ کو مزید نکھارنے کیلئے اقدامات جاری رہیں گے

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری سکول اوتھل، ضلع لسبیلہ کی کرکٹ ٹیم نے شاندار اعزاز حاصل کرتے ہوئے پاکستان کرکٹ بورڈ (PCB) کی جانب سے انتخاب کا اعزاز حاصل کرلیا۔ سکول کی کرکٹ ٹیم کا یہ انتخاب طلبہ، اساتذہ، والدین اور پورے ضلع لسبیلہ کے لیے باعث فخر ہے۔ نوجوان کھلاڑیوں نے اپنی مسلسل محنت، بہترین کھیل، (باقی صفحہ 3 نمبر 3)

ڈیرہ مراد جمالی میں سانپ کے ڈسنے ایک بچہ جاں بحق

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی سانپ کے ڈس سے ٹیچنگ ہسپتال ڈیرہ مراد جمالی میں اینٹی اسنیک ویکسین نہ ملنے سے بارہ سالہ بچہ جاں بحق لواحقین کا ہسپتال (باقی صفحہ 3 نمبر 7)

مغلزئی میں ہیضہ اور دست کی وبا، 300 سے زائد مریضوں کا علاج

ڈپٹی کمشنر قلات کے بروقت اقدام سے طبی ٹیم مغلزئی پہنچ گئی

قلات (خ ن) مغلزئی میں ہیضہ دست، الٹی کے وبا کی اطلاع، پر ڈپٹی کمشنر قلات کیجانب سے بروقت ایکشن سے محکمہ صحت کی تجربہ کار ٹیم کی ریسکیو ٹریٹمنٹ ٹیم نے بروقت کاروائی کرتے ہوئے 300 سے زائد مریضوں کی جانیں بچالیں سرکاری ذرائع کیمطابق ڈسٹرکٹ قلات کے علاقے مغلزئی میں ہیضہ پھیلنے کی خبر سوشل میڈیا پر وائرل ہوتے ہی ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر (باقی صفحہ 3 نمبر 4)

مفتی جعفر حسین کی جدوجہد مشعل راہ ہے، ساجد نقوی

راولپنڈی / اسلام آباد (آئی این پی) قائد ملت جعفریہ پاکستان علامہ سید ساجد علی نقوی کا قائد مرحوم علامہ مفتی جعفر حسین مرحوم کی 43ویں برسی کے موقع پر کہنا ہے کہ مرحوم نہ صرف بلند پایہ خطیب، مصنف، مترجم اور شاعر تھے بلکہ (باقی صفحہ 3 نمبر 6)

لورالائی میں ایک جنرل کونسلر، دو یونین کونسلرز نے حلف اٹھالیا

بلدیاتی نمائندے عوامی مسائل کے حل میں کردار ادا کریں، محمد اسماعیل مینگل

لورالائی (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو محمد اسماعیل مینگل نے لورالائی میں بلدیاتی انتخابات کے نتیجے میں منتخب ہونے والے ایک جنرل کونسلر اور دو یونین کونسل کونسلرز سے حلف لیا حلف برداری کی تقریب میں نومنتخب بلدیاتی نمائندوں نے اپنے عہدوں کا حلف اٹھاتے ہوئے عوامی خدمت، آئین و قانون کی پاسداری اور اپنے فرائض ایمانداری و ذمہ دار (باقی صفحہ 3 نمبر 5)

طبی مراکز میں غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، اسسٹنٹ کمشنر

عوام کو معیاری طبی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، عبدالجبار بلوچ

سوراب (خ ن) ڈپٹی کمشنر سوراب صاحبزادہ نجیب اللہ کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر عبدالجبار بلوچ کی سربراہی میں ڈسٹرکٹ ہیلتھ کمیٹی کا ماہانہ اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایم ایس ڈی ایچ کیو ڈاکٹر یوسف سپرنٹنڈنٹ فضل محمد قمبرانی، خزانہ افسر مسعود احمد سمیت محکمہ صحت کے دیگر افسران شریک ہوئے اجلاس کے دوران ضلع بھر میں دستیاب طبی سہولیات، ڈاکٹرز و طبی عملے کی حاضری، ادویات کی دستیابی، اسپتالوں کی کارکردگی اور صفائی کے انتظامات کا تفصیلی (باقی صفحہ 3 نمبر 11)

اسپتالوں میں سگریٹ نوشی پر پابندی لگائیں گے تاکہ آتشزدگی سے بچا جاسکے، وزیر صحت سندھ

کراچی (آئی این پی) وزیر صحت ڈاکٹر عذرا فضل پیچوہو نے کہا ہے کہ اسپتالوں میں سگریٹ نوشی پر پابندی لگائیں گے تاکہ آگ لگنے کے واقعات سے بچا جاسکے۔ کراچی میں (باقی صفحہ 3 نمبر 10)

گوادر میں 16 روزہ خصوصی حفاظتی ٹیکہ جات مہم مکمل

دور دراز علاقوں کے بچوں کی ویکسینیشن یقینی بنانے کیلئے آؤٹ ریچ سرگرمیاں جاری

حفاظتی ٹیکوں کے فوائد اور قابل انسداد بیماریوں سے بچاؤ کے حوالے سے بھی آگاہی فراہم کی گئی

گوادر (خ ن) حکومتِ بلوچستان کی صحتِ عامہ اور حفاظتی ٹیکہ جات کی پالیسی کے تحت وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے عوام دوست اور صحت دوست وژن کی روشنی میں ضلع گوادر میں اگست 2026 کے دوران 16 روزہ توسیعی پروگرام برائے حفاظتی ٹیکہ جات (EPI) آؤٹ ریچ سرگرمی کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد حفاظتی ٹیکوں سے محروم اور کم ویکسین شدہ بچوں تک رسائی یقینی بنانا اور معمول کی ویکسینیشن کوریج کو مزید موثر بنانا تھا۔ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر ڈاکٹر فاروق کے مطابق ضلع بھر میں بچوں کو حفاظتی ویکسین فراہم (باقی صفحہ 3 نمبر 8)

پمز ہسپتال میں آتشزدگی سے 14 بچوں کی اموات قابل افسوس ہے، ارشد حسین کھوسہ

چھتر (این این آئی) میر ارشد حسین خان کھوسہ نے پمز ہسپتال میں آتشزدگی کے افسوسناک واقعے کے دوران نومولود بچوں کی ہلاکت پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے (باقی صفحہ 3 نمبر 9)

گوادر پورٹ پر کارگو اور ٹرانزٹ تجارت بڑھانے کیلئے اقدامات پر غور

گوادر (خ ن) گوادر پورٹ اتھارٹی کی جانب سے گوادر پورٹ کی موجودہ آپریشنل صورتحال، گوادر فری زون فیز I- اور فیز II- اور بندرگاہ سے متعلق مستقبل کی ضروریات پر بریفنگ دی گئی۔ اجلاس میں گوادر پورٹ کے ذریعے کارگو اور امریکہ ایران جنگ کے تناظر میں ٹرانزٹ تجارت میں اضافے، فری زون میں سرمایہ کاری کے فروغ اور صنعتی سرگرمیوں کو وسعت دینے کے اقدامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ گوادر میں سی پیک (باقی صفحہ 3 نمبر 12)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء اللہ لانگو و دیگر پولیس ڈیجیٹل انیشیٹوز کی افتتاحی تقریب میں قومی ترانہ میں کھڑے ہیں

پاک چین فرینڈشپ ہسپتال اور ڈیسالینیشن پلانٹ سمیت چین کے تعاون سے مکمل کیے گئے منصوبے گوادر کے شہریوں کو براہ راست سہولیات فراہم کر رہے ہیں

گوادر کی سماجی و معاشی ترقی کیلئے چین کا تعاون جاری رہے گا، یان جیانگ

مقامی آبادی کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے نئے منصوبوں پر بھی تعاون اور غور و خوض کا سلسلہ جاری رکھا جائیگا، جوائنٹ ورکنگ گروپ کے اجلاس سے خطاب

بیجنگ / اسلام آباد (خ ن) پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک) کے تحت گوادر کی ترقی سے متعلق جوائنٹ ورکنگ گروپ (JWG) کا نواں اجلاس بیجنگ اور اسلام آباد میں منعقد ہوا، جس میں گوادر میں جاری، مکمل اور مستقبل کے ترقیاتی منصوبوں کی پیشرفت، ترجیحات اور آئندہ کے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کی مشترکہ صدارت پاکستان کی جانب سے سیکرٹری وزارت منصوبہ بندی، ترقی و خصوصی (باقی صفحہ 3 نمبر 13)

خصوصی بینچ 31 اگست سے 4 ستمبر 2026 تک کوئٹہ میں مقدمات کی سماعت کریں گے

کوئٹہ (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان کے دو خصوصی بینچ 31 اگست سے 4 ستمبر 2026 تک کوئٹہ میں مقدمات کی سماعت کریں گے۔ سپریم کورٹ آف پاکستان کے جاری کردہ عدالتی شیڈول کے مطابق معزز عدالت عظمیٰ کے دو بینچ کوئٹہ میں بیٹھیں گے، جہاں ہائی (باقی صفحہ 3 نمبر 14)

کوئٹہ، وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے صوبائی مشیر نوابزادہ امیر حمزہ خان زہری ملاقات کر رہے ہیں

میر شفیق الرحمن مینگل کے گھر پر فائرنگ، محافظوں کی جوابی کارروائی میں ایک حملہ آور زخمی ہونے کی اطلاع

کوئٹہ (این این آئی) ضلع خضدار کے علاقے میں پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما میر شفیق الرحمن مینگل کے گھر پر فائرنگ، محافظوں کی جوابی کارروائی میں ایک حملہ آور زخمی ہونے کی اطلاع ہے، سیکورٹی فورسز ذرائع کے مطابق جمعہ کو خضدار کے علاقے توتک میں مسلح افراد نے پا (باقی صفحہ 3 نمبر 15)

لورالائی میں غیر قانونی کاروباری سرگرمیوں کے خلاف کریک ڈاؤن، 2 ایرانی پٹرول پمپس سیل

زائد نرخ اور غیر معیاری اشیاء کی فروخت برداشت نہیں کی جائے گی، ندیم اکرم

لورالائی (خ ن) ڈپٹی کمشنر لورالائی محمد حبیب شجاع کی خصوصی ہدایات پر ضلعی انتظامیہ نے شہر میں غیر قانونی کاروباری سرگرمیوں، مقررہ نرخوں کی خلاف ورزی اور عوام کو غیر (باقی صفحہ 3 نمبر 16)

استامحمد میں مہنگا آٹا فروخت کرنے والے متعدد دکانداروں پر جرمانے

عوامی شکایات پر آٹا مہنگا فروخت کرنے والوں کے خلاف فوری ایکشن

استامحمد (خ ن) آٹا مہنگے داموں فروخت کرنے والے دکانداروں کے خلاف کارروائی متعدد دکانداروں پر جرمانے عائد ایک آٹا شاپ سیل کروا دیا گیا واضح رہے کہ آج ڈپٹی کمشنر استامحمد محمد رمضان پلال کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر استامحمد محمد رمضان اشتیاق نے شہر کے مختلف علاقوں میں آٹا کی قیمتوں اور سرکاری نرخوں پر فروخت کا جائزہ لینے کے لیے اچانک معائنہ کیا۔ اس دوران مختلف دکانوں اور آٹا شاپس پر آٹا کی دستیابی، معیار اور مقررہ نرخوں کے حوالے سے تفصیلی جانچ پڑتال کی گئی۔ معائنے کے دوران حکومت کی جانب (باقی صفحہ 3 نمبر 28)

سوراب میں سیکیورٹی کے لیے سنیپ چیکنگ کا سلسلہ جاری

سوراب (خ ن) ایس پی سوراب خورشید احمد بلوچ کی خصوصی ہدایات پر ضلع بھر میں سیکیورٹی اور امن و امان کے قیام کے لیے سنیپ چیکنگ کا سلسلہ جاری ہے۔ ڈی ایس پی، ایس ڈی پی او بلاول بلوچ، ایڈیشنل ایس ایچ او سید محمد اسماعیل بجارانی اور ڈپٹی افسر محمد رحیم کی نگرانی (باقی صفحہ 3 نمبر 27)

ڈپٹی کمشنر نصیرآباد کا ڈسٹرکٹ لائبریری کا دورہ، طلبہ سے ملاقات

نوجوان نسل کو بہتر تعلیمی ماحول کی فراہمی ترجیح ہے، وریندر لعل

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل نے آج ڈسٹرکٹ لائبریری کا دورہ کیا اور وہاں مطالعہ کے لیے آنے والے طلبہ سے ملاقات کر کے لائبریری میں فراہم کی جانے والی سہولیات اور درپیش مسائل کے بارے میں معلومات حاصل کیں واضح رہے کہ گزشتہ دنوں منعقدہ کھلی کچہری کے دوران لائبریری سے مستفید ہونے والے طلبہ نے ڈپٹی کمشنر نصیرآباد کو لائبریری میں بجلی کی عدم دستیابی پنکھوں کی کمی اور دیگر ضروری سہولیات کی عدم فراہمی سے متعلق مسائل سے آگاہ کیا تھا ڈپٹی کمشنر نے طلبہ کے مسائل کا فوری نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو ان کے بلاتاخیر (باقی صفحہ 3 نمبر 31)

کمشنر لسبیلہ کا کنراج میں دور مائننگ پراجیکٹ کا دورہ

دور پراجیکٹ پاکستان کا پہلا فعال زیر زمین دھاتی منصوبہ ہے

لسبیلہ (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے ضلع لسبیلہ کی تحصیل کنراج کا دورہ کیا دورے کے موقع پر ڈی سی لسبیلہ حمیرا بلوچ اور ڈی آئی جی لسبیلہ ڈویژن عبدالقیوم پتافی ایس پی لسبیلہ نجیب اللہ پندرانی انکے ہمراہ تھیں دور پراجیکٹ سائٹ کیمپ آفس تحصیل کنراج آمد پر کمشنر ضلع لسبیلہ اور دیگر انتظامی افسران کو چائنیز حکام نے ویلکم کیا چیئرمین دور پراجیکٹ کی جانب سے کمشنر کو منصوبے سے متعلق تفصیلی بریفنگ اور پریزنٹیشن دی گئی، جس میں پر (باقی صفحہ 3 نمبر 29)

ڈپٹی کمشنر شیرانی کی ایف سی بریگیڈیئر کمانڈنٹ سے ملاقات

شیرانی (یو این اے) ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کاکڑ نے ایف سی بلوچستان (نارتھ) ژوب ملیشیا کے بریگیڈیئر کمانڈنٹ سے ملاقات کی۔ ملاقات میں ضلع شیرانی کی مجموعی امن و امان کی صورتحال، عوامی فلاح و بہبود، ترقیاتی منصوبوں، باہمی تعاون کے فروغ اور عوامی مسائل کے حل (باقی صفحہ 3 نمبر 26)

ہرنائی: لاپتہ علی اکبر کی بازیابی کیلئے اعلیٰ سطحی اجلاس

علی اکبر کی بازیابی میں غفلت یا تاخیر برداشت نہیں ہوگی، ایس پی ہرنائی

ہرنائی (خ ن) ہرنائی میں لاپتہ شہری علی اکبر کی جلد از جلد بازیابی اور کیس میں پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے ایک انتہائی اہم اور اعلیٰ سطحی مشترکہ اجلاس سپرنٹنڈنٹ آف پولیس (ایس پی) ہرنائی کے دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس کی صدارت ایس پی ہرنائی انجینئر عبدالحفیظ بلکھرانی نے کی۔ اجلاس میں ڈی ایس پی / ایس ڈی پی او ہرنائی، اسسٹنٹ کمشنر ہرنائی، اور ضلع ہرنائی کے تمام تھانوں کے ایس ایچ اوز نے شرکت کی۔ اس کے علاوہ حساس اور سیکیورٹی اداروں کے اعلیٰ نمائندگان — بشمول آئی ایس آئی (ISI)، ایم آئی (MI)، ایف سی 81 ونگ (Wi81FC) (باقی صفحہ 3 نمبر 30)

یہ بہت بڑا حادثہ ہے، حادثہ چیز ہی ایسی ہے جو اچانک رونما ہوتا ہے، حادثے کی وجوہات تک پہنچنے کیلئے وزیر اعظم نے اسی دن دو کمیٹیاں تشکیل دیں

پمز سانحے کا ذمہ دار کوئی شخص نہیں بچے گا، وزیر صحت مصطفی کمال

اس میں کوئی دوسری رائے نہیں کہ یہ اندوہناک واقعہ تھا، ہم سب بچوں کے والدین ہیں سیاسی بیانیے کی بجائے تجاویز دیں تاکہ ایسے حادثات سے بچا جاسکے

اسلام آباد (یو این اے) وفاقی وزیر صحت مصطفی کمال نے کہا ہے کہ پمز سانحہ کے حوالے سے جو فیصلے ہوں گے شواہد کی بنیاد پر ہوں گے۔ وزیراعظم کی جانب سے کمیٹی قائم کردی گئی ہے، جو ذمہ دار ہوگا کسی ایک آدمی کو نہیں چھوڑا جائے گا۔ سینیٹ اور قومی اسمبلی کی مشترکہ کمیٹی تشکیل دی جائے، پارلیمانی کمیٹی کو ٹائم باؤنڈ نہ کریں۔ قومی اسمبلی کا اجلاس قائم مقام اسپیکر سید غلام مصطفی شاہ کی صدارت میں شروع ہوا (باقی صفحہ 3 نمبر 17)

ترقیاتی منصوبوں کے معیار پر سمجھوتہ نہ کیا جائے، ڈپٹی کمشنر

نصیرآباد میں ترقیاتی منصوبوں، سرکاری اثاثوں اور ٹریفک نظام کا جائزہ

نصیرآباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر وریندر لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا اہم اجلاس، ترقیاتی منصوبوں، سرکاری اثاثہ جات اور ٹریفک نظام کا جائزہ واضح رہے کہ آج ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ کوآرڈینیشن کمیٹی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں ضلع نصیرآباد کے تمام متعلقہ ضلعی محکموں کے سربراہان اور افسران نے شرکت (باقی صفحہ 3 نمبر 19)

شکایات کو عملی اقدامات میں بدل کر عوام کو ریلیف دیا جائے، کلیم اللہ

شیرانی (خ ن) ضلع شیرانی کے ہیڈکوارٹر مانی خواہ میں ڈپٹی کمشنر شیرانی کلیم اللہ کی زیر صدارت اہم کھلی کچہری کا انعقاد کیا گیا، (باقی صفحہ 3 نمبر 18)

جامعہ گوادر کے زوالوجی طلبہ کا فش ہاربر اور مختلف محکموں کا مطالعاتی دورہ

گوادر (خ ن) یونیورسٹی آف گوادر کے شعبہ زوالوجی کے زیر اہتمام طلبہ نے فشریز اینڈ کوسٹل ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ گوادر، محکمہ جنگلات و جنگلی حیات اور گوادر فش ہاربر کا مطالعاتی دورہ کیا۔ دورے کا مقصد طلبہ کو زوالوجی کے نظریاتی علم کے عملی اطلاق، سمندری و آبی وسائل، حیاتیاتی تنوع، جنگلی حیات کے تحفظ اور ماحولیاتی پائیداری سے روشناس کرانا تھا شعبہ زوالوجی کی (باقی صفحہ 3 نمبر 20)

کھلی کچہریوں کا سلسلہ آئندہ بھی جاری رہے گا، فضل الرحمن کبدانی

ڈکی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے عوام دوست وژن اور حکومتِ بلوچستان کی پالیسی کے مطابق ڈپٹی کمشنر ڈ (باقی صفحہ 3 نمبر 21)

کوئٹہ، آستانہ عالیہ فیضان اولیاء کے زیر اہتمام گوشہ درود شریف کی محفل سے ذوالفقار علی طارق قادری، علامہ شبیر احمد رضا مدنی، پیر علی بابا، علامہ زین العابدین صدیقی، اشعر رسول چشتی، امتیاز حسین سروری، محمد طاہر لانگو، آفتاب ایڈووکیٹ و دیگر خطاب کر رہے ہیں

ہندو جنرل پنچایت ڈیرہ مراد جمالی کی نومنتخب کابینہ کی حلف برداری

اجتماعی مسائل کے حل، فلاح و بہبود، تعلیم کے فروغ اور نوجوان نسل کی بہتر رہنمائی کے لیے بھرپور کردار ادا کریں گے

ہندو برادری کے مسائل کے حل کیلئے مثبت کردار ادا کریں گے، نومنتخب کابینہ

نصیرآباد (خ ن) ہندو جنرل پنچایت ڈیرہ مراد جمالی کی نومنتخب کابینہ کی حلف برداری، ڈپٹی کمشنر وریندر لعل نے عہدیداران سے حلف لیا واضح رہے کہ آج ہندو جنرل پنچایت ڈیرہ مراد جمالی کی جانب سے ہندو محلہ میں شادی ہال ڈیرہ مراد جمالی میں ایک پروقار تقریب حلف برداری کا انعقاد کیا گیا جس کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر نصیرآباد وریندر لعل تھے تقر (باقی صفحہ 3 نمبر 23)

قوانین کی خلاف ورزی پر سخت کارروائی ہوگی، فہد حسین عمرانی

رکھنی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر رکھنی فہد حسین عمرانی نے چارج سنبھالتے ہی رکھنی بازار کا اچانک دورہ کیا اور کھاد، بیج اور زرعی اسپرے فروخت کرنے والی دکانوں کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر نائب تحصیلدار رکھنی اللہ نواز، پٹواری وقار احمد اور دیگر متعلقہ اہلکار بھی ان کے ہمراہ تھے۔ دورے (باقی صفحہ 3 نمبر 22)

کیچ میں ضلعی ترقیاتی منصوبوں اور سماجی بہبود کا جائزہ

رائز پروگرام کے تحت تین سماجی تنظیموں میں مالی معاونت کے چیکس تقسیم

تربت (خ ن) ڈپٹی کمشنر کیچ یاسر اقبال دشتی کی زیر صدارت مشترکہ ضلعی ترقیاتی کمیٹی کا اجلاس جمعہ کے روز تربت میں منعقد ہوا، جس میں ضلع کیچ میں جاری ترقیاتی امور، مشترکہ ضلعی ترقیاتی منصوبوں اور سماجی بہبود سے متعلق مختلف اقدامات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس بی آر ایس پی کے پبلی روڈ، تربت میں واقع دفتر میں منعقد ہوا، جس میں میونسپل کارپوریشن تربت، محکمہ صنعت و تجارت، محکمہ ماہی گیری، محکمہ زراعت توسیع، محکمہ سماجی بہبود، محکمہ امور حیوانات، محکمہ ترقی نسواں، ضلعی محکمہ کھیل، مقامی سماجی تنظیموں کے رابطہ افسران اور بی آر ایس پی کیچ کے ضلعی پروجیکٹ (باقی صفحہ 3 نمبر 24)

بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، عبدالرزاق نجک

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق نجک نے پی ایس ڈی پی کے تحت واٹر سپلائی اسکیم محلہ مدرسہ مصباح العلوم، نیو بازار کا تفصیلی دورہ کیا۔ اس موقع پر ایس ڈی او پبلک ہیلتھ انجینئرنگ نے اسکیم کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ دورے کے دوران (باقی صفحہ 3 نمبر 25)

بلوچستان یونین آف جرنلسٹس کے زیر اہتمام یوم شہداء صحافت بلوچستان کے عنوان سے منعقدہ سیمینار سے یونین کے صدر منظور بلوچ، نورالہی بگٹی، پریس کلب کے صدر عرفان سعید، سنیئر صحافی امتیاز گل، فہد مینگل، کاشف پانیزئی، فوزیہ شاہین، شعیب ریسانی، اور شاہ حسین خطاب کر رہے ہیں

چیف ایڈیٹر و پبلشر محمد عاطف خان نے السعید پرنٹنگ پریس مشن روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ تعمیر وطن کوئٹہ اسٹینڈرڈ کمپلیکس مشن روڈ کوئٹہ سے شائع کیا فون فیکس: 2824878 موبائل نمبر 03337867133 ای میل tameerewatan33@gmail.com twnisb@gmail.com